آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ Daily SHAL شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز منگل 11 اگست 2020ء بمطابق 21 ذوالحجہ 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 217

چمن موٹر سائیکل بم دھماکہ 5 افراد شہید 18 افراد زخمی

پیر کی صبح چمن کے کاروباری علاقے مال روڈ پر حاجی ندا مارکیٹ کے باہر اس وقت دھماکہ ہوا جب وہاں سے اینٹی نارکوٹکس فورس کی گاڑی گزر رہی تھی

دھماکے کے نتیجے میں 10 سالہ بچے سمیت پانچ افراد حکمت اللہ، محمد رفیع، محمد جلیل اور دو نامعلوم شہید ہو گئے جبکہ اے این ایف کے تین اہلکاروں سمیت 18 افراد زخمی ہو گئے

پولیس، ایف سی اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بھاری نفری جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور علاقے کو گھیرے میں لیکر شواہد اکٹھے کرنے کا سلسلہ شروع کر دیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) پاک افغان سرحدی شہر چمن میں موٹر سائیکل میں نصب بم دھماکے سے پانچ افراد شہید اے این ایف اہلکاروں سمیت 18 افراد زخمی ہو گئے، سیکورٹی فورسز ذرائع کے مطابق پیر کی صبح چمن کے کاروباری علاقے مال روڈ پر حاجی ندا مارکیٹ کے باہر اس وقت دھماکہ ہوا جب وہاں سے اینٹی نارکوٹکس فورس کی گاڑی گزر رہی تھی دھماکے کے نتیجے میں 10 سالہ بچے سمیت پانچ افراد حکمت اللہ، محمد رفیع، محمد جلیل اور دو نامعلوم شہید ہو گئے جبکہ اے این ایف کے تین اہلکاروں سمیت 18 افراد صلاح الدین، حمید، فضل شاہ، محمد غوث، عبداللہ نصر، شاہ محمود، ناصر، میر حمزہ،

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	4:24
ظہر	2:00
عصر	5:45
مغرب	7:12
عشاء	08:45
اول تشریق فجر صبح	04:15
ظہر	01:00
مغرب	07:27

سی ایم بلوچستان جام کمال خان کوسی اور نصیر آباد ڈویژن میں حالیہ بارش اور سیلاب کی صورتحال اور امداد و بحالی کی سرگرمیوں کے حوالے سے بریفنگ دی جا رہی ہے

سیلاب سے متاثرہ افراد کی بحالی کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہے ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

سیلاب سے متاثر ہونے والے متاثرین کے نقصانات کا ازالہ کرنے کیلئے پی ڈی ایم اے کو جلد ڈپٹی کمشنر کو فنڈز ریلیز کرنے کی ہدایت جاری

حکومت بلوچستان، پاک فوج اور ایف سی و دیگر فورسز کی جانب سے متاثرہ علاقوں میں ہنگامی بنیادوں عوامی ریلیف کی فراہمی کیلئے اقدامات کر رہے ہیں

ہرنائی پنجاب قومی شاہراہ پر ندی نالوں پر دو رابطہ پل کی تعمیر کا اعلان سیلاب سے متاثرہ پل کی تعمیر اور مرمت کیلئے فنڈز فراہم کرینگے' جام کمال خان

ہرنائی (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا کہ صوبائی حکومت بارش و سیلاب سے متاثرہ اضلاع کے عوام کے نقصانات کا ازالہ کرنے اور رابطہ سڑکوں کی بحالی کیلئے تمام وسائل کو بروئے کار لا رہی ہیں ہرنائی سروتی خانقتی بند، گلی مرزا، گلی محل جان خانقتی بندات کی تعمیر ایمرجنسی بنیادوں پر جلد سے تعمیر کیا جائے ہرنائی سیلاب سے متاثرہ پل اور ہرنائی پنجاب قومی شاہراہ ندی نالوں پر دو نئے پلوں کی تعمیر کا اعلان کرتا ہوں جبکہ سیلاب سے متاثر ہونے والے متاثرین کے نقصانات کا ازالہ کرنے کیلئے پی ڈی ایم اے کو جلد ڈپٹی کمشنر کو فنڈز ریلیز کرنے کی ہدایت جاری ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہرنائی کے مختصر دورہ کرنے کے دوران ایف سی پبلک سکول میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا وزیراعلیٰ بلوچستان کا ہرنائی آمد

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

اسلام آباد ڈپٹی چیف آف آرمی اسٹاف جنرل قمر جاوید باجوہ کور کمانڈر کانفرنس کی صدارت کر رہے ہیں

چمن دھماکہ، دشمنوں کا پیچھا کسی صورت نہیں چھوڑیں گے، لیاقت شاہوانی

دہشت گردوں کی بزدلانہ کارروائی سے عوام کے حوصلے پست نہیں کیے جا سکتے ہیں، ترجمان حکومت بلوچستان

کوئٹہ (ش ن) ترجمان حکومت بلوچستان لیاقت شاہوانی نے چمن بم دھماکہ کی پرزور مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردوں کی بزدلانہ کارروائی سے عوام کے حوصلے پست نہیں کیے جا سکتے ہیں انہوں نے کہا کہ دہشت گرد عناصر بے جان لے کر وہ اپنے مذموم

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

کوئٹہ کے علاقے ہزار ناؤن میں کام کے دوران کرنٹ لگنے سے عزیز احمد نامی شخص جاں بحق ہو گیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں کرنٹ لگنے سے ایک شخص جاں بحق، پولیس کے مطابق پیر کو کوئٹہ کے

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

بیلہ میں نامعلوم افراد کی مسافر ویگن پر فائرنگ، ایک شخص جاں بحق

اوتھل (این این آئی) بیلہ میں نامعلوم افراد کی مسافر ویگن پر فائرنگ، ایک شخص جاں بحق، تین افراد

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

لوگ احتیاطی تدابیر اختیار کر کے صفائی کا خاص خیال رکھیں، صوبائی سیکرٹری دوستین خان جمالدینی

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی سیکرٹری دوستین خان جمالدینی اور ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ بلوچستان ڈاکٹر شاکر

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

ژوب میں دو مختلف حادثات میں بچے سمیت 2 افراد جاں بحق ہو گئے ہیں

ژوب (آن لائن) بلوچستان کے ضلع ژوب میں دو مختلف حادثات میں بچے سمیت 2 افراد جاں بحق

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

کراچی سرکلر ریلوے اسی سال چلنی چاہیے، چیف جسٹس پاکستان

کراچی (این این آئی) چیف جسٹس پاکستان جسٹس گلزار احمد نے کراچی سرکلر ریلوے کی بحالی کا کام

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

سماج اور عوام دشمن کارروائیوں میں اضافے کا مقصد بلوچستان میں حالات خراب کرنا ہے، شہباز شریف

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر و قائد حزب اختلاف شہباز شریف نے

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

فصلوں کی کاشت میں عدم توازن کو پالیسی اقدامات کے ذریعے دور کیا جائے گا، فخر امام

اسلام آباد (این این آئی) وزیر قومی غذائی تحفظ و تحقیق سید فخر امام نے کہا ہے کہ فصلوں کی کاشت میں عدم

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

گیس پائپ لائنوں کی مرمت میں تاخیر، مستونگ، پشین اور زیارت میں گیس منقطع

بولان (این این آئی) بولان میں سیلابی ریلے کے باعث متاثر ہونے والے 2 گیس پائپ لائنوں کی

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

پاکستان کو کورونا سے نمٹنے کی بہترین حکمت عملی کا عالمی سرٹیفکیٹ مل گیا

ووکلن بوز کرنے کورونا سے نمٹنے کی پاکستانی حکمت عملی کو دنیا کے لیے مثال قرار دے دیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کو کورونا سے نمٹنے کی بہترین حکمت عملی کا عالمی سرٹیفکیٹ مل گیا۔ پیر کو اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے صدر ووکلن بوز کرنے کورونا سے نمٹنے کی پاکستانی حکمت عملی کو دنیا کے لیے مثال قرار دے دیا۔ ووکلن نے کہا کہ کورونا وائرس سے نمٹنا دنیا بھر

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

سلوگن

بلوچستان حکومت کی جانب سے لاک ڈاؤن کا خاتمہ عوامی مسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا گیا، اس توقع کے ساتھ کہ کاروباری مراکز میں طے شدہ احتیاطی تدابیر کے حوالے سے شرائط کی مکمل پابندی کی جائے گی، کیونکہ کورونا کا معاملہ ابھی ختم نہیں، بلوچستان میں ابھی تک کرونا کیسز سامنے آ رہے ہیں، بہتر ہے صبر و تحمل کو ہاتھ سے نہ جانے دیا جائے۔

اسلام آباد وزیراعظم عمران خان اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے نومنتخب صدر سے ملاقات کر رہے ہیں

وزیراعظم عمران خان کی قیادت میں وزارت داخلہ دن رات عوام کے تحفظ پر کمربستہ ہے، وزیر داخلہ بریگیڈیئر (ر) اعجاز شاہ

ترجمان پنجاب حکومت و مرکزی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات کی وزیر داخلہ سیان کے دفتر میں ملاقات اور اہم امور پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر داخلہ نے ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات عامر مغل کو بتایا ہے کہ وزیر اعظم۔ عمران خان کی واضح پالیسی کے مطابق وزارت داخلہ دن رات عوام کے تحفظ پر کمربستہ ہے۔ انتخابی عمل پیرو اور ایف آئی اے میں تمام تقرریاں میرٹ پر کی جا

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے دالحکومت کوئٹہ سے پولیو کا ایک اور کیس رپورٹ رواں سال متاثرہ بچوں کی تعداد 16 ہو گئی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے دالحکومت کوئٹہ سے پولیو کا ایک اور کیس رپورٹ رواں سال متاثرہ بچوں کی تعداد 16 ہو گئی، محکمہ صحت حکام کے مطابق پیر کو کوئٹہ کے علاقے پشتن ٹاؤن کی یونین کونسل میاں غنڈی میں 20 ماہ کے بچے میں پولیو وائرس کی تصدیق ہو گئی پولیو ٹیسٹ کے لئے بچے کے نمونے 25 اور 26 جولائی کو

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

اگلی سردیوں میں بھی گیس لوڈ شیڈنگ رہے گی، وفاقی وزیر عمر ایوب

مقامی گیس پیداوار کم اور طلب بڑھ رہی ہے، گیس قلت سے متعلق تمام صوبوں نے مل کر فیصلہ کرنا ہے، قائمہ کمیٹی کو بریفنگ

اگلے سال تک سندھ کے پاس بھی کسی کو دینے کے لئے گیس نہیں ہوگی، سندھ کی اپنی ضرورت پوری نہیں ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر عمر ایوب نے کہا ہے کہ اگلی سردیوں میں بھی گیس لوڈ شیڈنگ رہے گی، سندھ سے نکلنے والی گیس میں سے ایک ارب 56 کروڑ مکعب فٹ یومیہ گیس سندھ میں ہی استعمال ہوتی ہے، مقامی گیس پیداوار کم اور طلب بڑھ رہی ہے، گیس قلت سے متعلق تمام صوبوں نے مل کر فیصلہ کرنا ہے، اگلے سال تک سندھ کے پاس بھی کسی کو دینے کے لئے گیس نہیں ہوگی، سندھ کی اپنی ضرورت پوری نہیں ہو گی۔ پیر کو سینیٹ کی قائمہ کمیٹی پٹرولیم کا اجلاس محسن عزیز

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

آئین کے نفاذ کیلئے پاکستان میں اٹھائے گئے اقدامات خراج تحسین کے مستحق ہیں، گورنر بلوچستان

عالمی وبا کوویڈ-نائنٹین کے بعد دنیا بھر میں یہ احساس اجاگر ہوا کہ ملکی سطح پر صحت کے شعبے کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے

شہری علاقوں کے ساتھ ساتھ صوبے کے دور دراز خصوصاً پسماندہ علاقوں میں کام کرنے پر خصوصی توجہ دیں، امان اللہ یاسین زئی

کوئٹہ (ش ن) گورنر بلوچستان امان اللہ یاسین زئی نے کہا ہے کہ صوبے بھر کے عوام کو فوڈ سیکورٹی فراہم کرنے، عورتوں کی شرح اموات میں کمی لانے اور بچہ و بچی کی صحت کو یقینی بنانے کیلئے حکومتی اقدامات کے علاوہ ملکی اور بین الاقوامی اداروں کے تعاون کی بھی اشد ضرورت ہے۔ گورنر یاسین زئی نے کہا کہ عالمی وبا کووڈ-نائنٹین کے بعد دنیا بھر میں یہ احساس اجاگر ہوا کہ ملکی سطح پر صحت کے شعبے کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے اور علاج معالجے کے ساتھ ساتھ حفاظتی تدابیر پر بھی اپنی بھرپور توجہ مرکوز رکھی جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان میں تعینات ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

بزدل و شکست خوردہ عناصر تشدد کے ذریعے اپنا ایجنڈا مسلط کرنا چاہتے ہیں، بلاول بھٹو زرداری

پیپلز پارٹی کا واضح موقف ہے، خطے میں ترقی فقط امن اور باہمی تعاون و اشتراک سے منسلک ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے چمن میں دہشتگردانہ دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بزدل و شکست خوردہ عناصر تشدد کے ذریعے اپنا ایجنڈا مسلط کرنا چاہتے ہیں اپنے مذمتی بیان میں بلاول بھٹو زرداری نے

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

دہشت گرد عناصر امن کی فضا تباہ کرنا چاہتے ہیں، جام کمال

چمن کے پرامن اور محب وطن عوام کی جان و مال اور روزگار کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے

پاک افغان بارڈر پر باڑ کی تنصیب کا منصوبہ ملک دشمن عناصر کے ناپاک عزائم کی راہ میں رکاوٹ ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (ش ن) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے چمن بم دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے دہشت گردی کی بزدلانہ کارروائی میں قیمتی جانی نقصان پر دلی رنج و غم کا اظہار کیا ہے، اپنے ایک بیان میں وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ دہشت گرد عناصر اپنے مذموم مقاصد کے حصول کے لئے امن کی فضا تباہ کرنا چاہتے ہیں۔ چمن کے پرامن اور محب وطن عوام کی جان و مال اور روزگار کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے، عوام کے تعاون سے چمن سمیت صوبے کے تمام علاقوں میں بھرپور امن کے قیام کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا، وزیراعلیٰ نے کہا کہ پاک افغان بارڈر پر باڑ کی تنصیب کا منصوبہ ملک دشمن عناصر کے ناپاک عزائم کی راہ میں رکاوٹ ہے، باڑ کی تنصیب سے دہشت گردی اور غیر قانونی نقل و حمل کا خاتمہ ہوگا اور سرحدی علاقوں سمیت صوبہ بھر میں امن و امان کی صورتحال میں بہتری آئے گی، وزیراعلیٰ نے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ امن برقرار رکھنے کے لئے تمام وسائل

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

چمن میں بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں' پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان

دہشتگردی کی بزدلانہ کارروائیوں سے لوگوں میں خوف و ہراس پھیلانے کی ناکام کوشش کی جا رہی ہے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر حاجی علی مدد جتک، جنرل سیکرٹری سید اقبال شاہ اور سیکرٹری اطلاعات سردار سربلند خان جوگیزئی نے چمن میں بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے دھماکے میں شہید اور زخمی ہونے والے افراد کے لواحقین سے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے جاری کردہ ایک مشترکہ مذمتی بیان میں انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کی بزدلانہ کارروائیوں سے لوگوں میں خوف و دہشتگرد عناصر اور انکی پشت پناہی کرنے والے افراد بزدلانہ کارروائیوں کے ذریعے چمن کے عوام پر اپنا ایجنڈا مسلط

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی سے پاک فضائیہ ایئر آپریشن کمانڈر ریٹ محمد مقبول افضل ملاقات کر رہے ہیں

دہشتگردی کے خاتمے تک چین سے نہیں رہے گی، نور محمد دمڑ

چمن کے پرامن اور محب وطن عوام کے جان و مال اور روزگار کا تحفظ اولین ترجیح ہے

حکومت بلوچستان نے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کا عزم کر رکھا ہے، صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا

ہرنائی (این این آئی) بی اے پی کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے چمن بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے دہشت گردی کی بزدلانہ کارروائی میں قیمتی جانی نقصان پر انتہائی دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گرد عناصر اپنے مزموم مقاصد کے حصول کے لیے چمن سمیت صوبے کا امن تباہ کرنا چاہتے ہیں جو کبھی بھی وہ اپنے اس ناپاک عزائم میں کامیاب نہیں ہونگے۔ پاک افغان بارڈر پر باڑ کی تنصیب کا منصوبہ ملک دشمن عناصر کے ناپاک عزائم کی راہ میں رکاوٹ ہے باڑ کی تنصیب سے دہشت گردی اور غیر قانونی نقل و حمل کا خاتمہ ہوگا اور سرحدی علاقوں سمیت صوبہ بھر میں امن و امان کی صورتحال میں بہتری آئے گی صوبائی حکومت عوام کے تعاون سے چمن سمیت تمام علاقوں میں بھرپور امن کے قیام کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا انہوں نے کہا کہ چمن کے پرامن اور محب وطن عوام کے جان و مال اور روزگار کا تحفظ اولین ترجیح ہے صوبائی حکومت نے اس

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

چمن مال روڈ پر بم دھماکے بعد سول ہسپتال کوئٹہ میں ایمرجنسی نافذ کر دی گئی

کوئٹہ (آن لائن) چمن مال روڈ پر بم دھماکے بعد سول ہسپتال کوئٹہ میں ایمرجنسی نافذ کر دی گئی۔ سیکرٹری ہیلتھ بلوچستان نے چمن دھماکے زخمیوں کے سول ہسپتال کوئٹہ آمد کے پیش نظر ایمرجنسی نافذ کر دی، سول ہسپتال کوئٹہ کے ایم ایس ڈاکٹر فضل الرحمن بگٹی کی قیادت میں آرتھوپیڈک سرجنز نیورو سرجنز اور جنرل سرجنز سمیت پی جی

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

ان ہاؤس تبدیلی حل نہیں، مسائل کا حل صاف، شفاف اور بغیر کسی مداخلت کے انتخابات میں ہے، حیدر خان ہوتی

اپوزیشن جماعتوں کو فاصلے ختم کرنے ہوں گے، اے این پی اپوزیشن کا حصہ ہے، پریس کانفرنس سے خطاب

حکومتی اعداد و شمار کے مطابق مارچ تک غربت اور بے روزگاری میں اضافہ ہوا، مرکزی سینئر نائب صدر اے این پی

کوئٹہ/ پشاور (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی سینئر نائب صدر امیر حیدر خان ہوتی نے کہا ہے کہ ملک کے مسائل کا حل ان ہاؤس تبدیلی میں نہیں بلکہ ملک میں صاف، شفاف اور بغیر کسی مداخلت کے انتخابات ہونے چاہیے۔ باچا خان مرکز پشاور میں مرکزی کابینہ کے اجلاس کے بعد پریس کانفرنس کرتے ہوئے امیر حیدر خان ہوتی نے کہا کہ اپوزیشن جماعتوں کو فاصلے ختم کرنے ہوں گے، اے این پی اپوزیشن کا حصہ ہے اور ان فاصلوں کو ختم کرنے کیلئے ہر ممکن کوششیں کرے

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

کوئٹہ شہر مسائل کا آماجگاہ بن چکا ہے عوام میسر کے منتظر پانی کا بحران، صفائی نہ ہونے کے برابر

سٹریٹ لائٹس غیر فعال، حکمران و انتظامیہ خاموش تماشائی کا کردار ادا کر رہے ہیں، مولانا عبدالرحمن رفیق

کوئٹہ (این این آئی) نواں کلی چوک، پوشکی چوک، گوالمنڈی چوک سمیت شہر کے مختلف علاقوں میں گھنٹوں گھنٹوں ٹریفک جام ہونے سے عوام تنگ آ چکے ہیں شہری مسائل حکومت کی نااہلی اور بے حسی کی تصویر بنے ہیں ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد جنرل سیکریٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ مولانا محمد ہاشم شیخلی مولانا محمد ایوب ایوبی مفتی عبدالسلام رئیسانی مولانا اشرف جان مولانا عبدالاحد حاجی ولی محمد بزنجو ظفر اللہ

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

تربت صوبائی وزیر خزانہ میر ظہور احمد بلیدی اور ممبر صوبائی اسمبلی لالہ رشید دشتی شجرکاری مہم کا آغاز کر رہے ہیں

حکومت دہشتگردوں کے خاتمے تک چین سے نہیں رہے گی، نور محمد دمڑ

چمن کے پرامن اور محب وطن عوام کے جان و مال اور روزگار کا تحفظ اولین ترجیح ہے

حکومت بلوچستان نے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کا عزم کر رکھا ہے، صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا

ہرنائی (این این آئی) بی اے پی کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے چمن بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے دہشت گردی کی بزدلانہ کارروائی میں قیمتی جانی نقصان پر انتہائی دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گرد عناصر اپنے مزموم مقاصد کے حصول کے لیے چمن سمیت صوبے کا امن تباہ کرنا چاہتے ہیں جو کبھی بھی وہ اپنے اس ناپاک عزائم میں کامیاب نہیں ہونگے۔ پاک افغان بارڈر پر باڑ کی تنصیب کا منصوبہ ملک دشمن عناصر کے ناپاک عزائم کی راہ میں رکاوٹ ہے باڑ کی تنصیب سے دہشت گردی اور غیر قانونی نقل و حمل کا خاتمہ ہوگا اور سرحدی علاقوں سمیت صوبہ بھر میں امن و امان کی صورتحال میں بہتری آئے گی صوبائی حکومت عوام کے تعاون سے چمن سمیت تمام علاقوں میں بھرپور امن کے قیام کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا انہوں نے کہا کہ چمن کے پرامن اور محب وطن عوام کے جان و مال اور روزگار کا تحفظ اولین ترجیح ہے صوبائی حکومت نے اس

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

ان ہاؤس تبدیلی حل نہیں، مسائل کا حل صاف، شفاف اور بغیر کسی مداخلت کے انتخابات میں ہے، حیدر خان ہوتی

اپوزیشن جماعتوں کو فاصلے ختم کرنے ہوں گے، اے این پی اپوزیشن کا حصہ ہے، پریس کانفرنس سے خطاب

حکومتی اعداد و شمار کے مطابق مارچ تک غربت اور بے روزگاری میں اضافہ ہوا، مرکزی سینئر نائب صدر اے این پی

کوئٹہ/ پشاور (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی سینئر نائب صدر امیر حیدر خان ہوتی نے کہا ہے کہ ملک کے مسائل کا حل ان ہاؤس تبدیلی میں نہیں بلکہ ملک میں صاف، شفاف اور بغیر کسی مداخلت کے انتخابات ہونے چاہیے۔ باچا خان مرکز پشاور میں مرکزی کابینہ کے اجلاس کے بعد پریس کانفرنس کرتے ہوئے امیر حیدر خان ہوتی نے کہا کہ اپوزیشن جماعتوں کو فاصلے ختم کرنے ہوں گے، اے این پی اپوزیشن کا حصہ ہے اور ان فاصلوں کو ختم کرنے کیلئے ہر ممکن کوششیں کرے

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

کوئٹہ شہر مسائل کا آماجگاہ بن چکا ہے عوام میسر کے منتظر پانی کا بحران، صفائی نہ ہونے کے برابر

سٹریٹ لائٹس غیر فعال، حکمران و انتظامیہ خاموش تماشائی کا کردار ادا کر رہے ہیں، مولانا عبدالرحمن رفیق

کوئٹہ (این این آئی) نواں کلی چوک، پوشکی چوک، گوالمنڈی چوک سمیت شہر کے مختلف علاقوں میں گھنٹوں گھنٹوں ٹریفک جام ہونے سے عوام تنگ آ چکے ہیں شہری مسائل حکومت کی نااہلی اور بے حسی کی تصویر بنے ہیں ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد جنرل سیکریٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ مولانا محمد ہاشم شیخلی مولانا محمد ایوب ایوبی مفتی عبدالسلام رئیسانی مولانا اشرف جان مولانا عبدالاحد حاجی ولی محمد بزنجو ظفر اللہ

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

تربت صوبائی وزیر خزانہ میر ظہور احمد بلیدی اور ممبر صوبائی اسمبلی لالہ رشید دشتی شجرکاری مہم کا آغاز کر رہے ہیں

بلوچستان میں باشعور نے تباہی مچا دی ہے، فصلیں تباہ ہیں، سردار اختر مینگل

صوبے میں چھوٹے بڑے ڈیم بنائے جائیں، اختلاف رائے رکھنے والوں کو ملک دشمن اور غدار قرار دیا جاتا ہے

ایک قرارداد لائی جائے اس ایوان میں اختلاف رائے رکھنے کی اجازت نہیں، قومی اسمبلی میں خطاب

اسلام آباد (این این آئی) بلوچ رہنما سردار اختر مینگل نے کہا ہے کہ بلوچستان میں بارشوں نے تباہی مچا دی ہے، فصلیں تباہ ہیں، حکومت کی بے حسی پر افسوس ہے، نقصانات کا ازالہ کیا جائے اور صوبے میں چھوٹے بڑے ڈیم بنائے جائیں، اختلاف رائے رکھنے والوں کو ملک دشمن اور غدار قرار دیا جاتا ہے، ایک قرارداد لائی جائے اس ایوان میں اختلاف رائے رکھنے کی اجازت نہیں، نہ ہم ترقیاتی کام کر سکیں نہ تقریر کر سکیں تو پھر ہمارے پتلے بنا کر نشستوں پر رکھ دیں۔ پیر کو قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے اختر مینگل نے کہا کہ بارشوں سے بلوچستان میں بہت نقصانات ہوئے ہیں، سڑکیں نہ ہونے کے برابر ہیں لوگوں کی فصلیں تباہ ہو گئی ہے، ہمیں افسوس ہے کہ حکومت کی بے حسی ہے، اگر یہ اعلان کیا جاتا کہ گیس نکل آئی ہے تو وزیراعظم کی فوج پہنچ

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

چمن میں بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں' پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان

دہشتگردی کی بزدلانہ کارروائیوں سے لوگوں میں خوف و ہراس پھیلانے کی ناکام کوشش کی جا رہی ہے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر حاجی علی مدد جتک، جنرل سیکرٹری سید اقبال شاہ اور سیکرٹری اطلاعات سردار سربلند خان جوگیزئی نے چمن میں بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے دھماکے میں شہید اور زخمی ہونے والے افراد کے لواحقین سے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے جاری کردہ ایک مشترکہ مذمتی بیان میں انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کی بزدلانہ کارروائیوں سے لوگوں میں خوف و دہشتگرد عناصر اور انکی پشت پناہی کرنے والے افراد بزدلانہ کارروائیوں کے ذریعے چمن کے عوام پر اپنا ایجنڈا مسلط

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی سے پاک فضائیہ ایئر آپریشن کمانڈر ریٹ محمد مقبول افضل ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان تحریک انصاف کی حکومت حکمرانی کا اخلاقی جواز کھو چکی ہے' مولانا عبدالغفور حیدری

دہشتگردی کے اس اقدام میں ملوث عناصر کو گرفتار کر کے کیفر کردار تک پہنچایا جائے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی سیکرٹری جنرل سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا ہے کہ پارلیمنٹ کو وجود میں آئے 73 سال ہو چکے ہیں اس دوران پارلیمنٹ نے کبھی جمہوریت پر شب خون تو کبھی پارلیمنٹ میں تالہ بندی اور کبھی کارروائیاں معطل ہوتے دیکھیں ہیں پاکستان تحریک انصاف کی حکومت حکمرانی کا اخلاقی جواز کھو چکی ہے اس لئے آج وہ اپوزیشن کی منتیں کر رہے ہیں چمن میں ہونے والے بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں اور دہشتگردی کے اس

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

چمن مال روڈ پر بم دھماکے بعد سول ہسپتال کوئٹہ میں ایمرجنسی نافذ کر دی گئی

کوئٹہ (آن لائن) چمن مال روڈ پر بم دھماکے بعد سول ہسپتال کوئٹہ میں ایمرجنسی نافذ کر دی گئی۔ سیکرٹری ہیلتھ بلوچستان نے چمن دھماکے زخمیوں کے سول ہسپتال کوئٹہ آمد کے پیش نظر ایمرجنسی نافذ کر دی، سول ہسپتال کوئٹہ کے ایم ایس ڈاکٹر فضل الرحمن بگٹی کی قیادت میں آرتھوپیڈک سرجنز نیورو سرجنز اور جنرل سرجنز سمیت پی جی

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

دہشتگردی کے اس اقدام میں ملوث عناصر کو گرفتار کر کے کیفر کردار تک پہنچایا جائے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی سیکرٹری جنرل سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا ہے کہ پارلیمنٹ کو وجود میں آئے 73 سال ہو چکے ہیں اس دوران پارلیمنٹ نے کبھی جمہوریت پر شب خون تو کبھی پارلیمنٹ میں تالہ بندی اور کبھی کارروائیاں معطل ہوتے دیکھیں ہیں پاکستان تحریک انصاف کی حکومت حکمرانی کا اخلاقی جواز کھو چکی ہے اس لئے آج وہ اپوزیشن کی منتیں کر رہے ہیں چمن میں ہونے والے بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں اور دہشتگردی کے اس

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

دہشتگردی کے اس اقد

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

11 اگست 2020ء

مائکروفنانس قرضوں کی حد 10 لاکھ سے بڑھا کر 30 لاکھ کردی

بینک دولت پاکستان نے مائکروفنانس بینکوں سے لیے جانے والے ہاؤسنگ فنانس اور مائکرو انٹر پرائز قرضوں کی موجودہ حد 10 لاکھ روپے کو بڑھا کر 30 لاکھ روپے کردیا ہے۔ اسی طرح، عام قرضوں کی زیادہ سے زیادہ حد ڈیڑھ لاکھ روپے سے بڑھا کر ساڑھے تین لاکھ روپے کردی گئی ہے۔ مزید برآں، قرضوں کے حجم میں اضافے سے ہم آہنگی کی غرض سے عام قرضوں اور ہاؤسنگ فنانس کے لیے قرضہ لینے والے کی سالانہ آمدنی اب بالترتیب 12 لاکھ اور 15 لاکھ روپے ہونی چاہیے۔ مزید یہ کہ، قرض گیروں کی فوری گھریلو یا ہنگامی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے سونا گروی رکھوا کر قرض لینے کی حد میں بھی اضافہ کردیا گیا ہے۔ ہاؤسنگ فنانس قرضوں کی حد میں اضافے کا فیصلہ اس حقیقت کے پیش نظر کیا گیا ہے کہ مائکروفنانس بینکوں کے ذریعے قرض کی موجودہ حد سستے ہاؤسنگ فنانس کو فروغ دینے کے لیے ناکافی تھی۔ اسی طرح مائکرو اینڈ سمال انٹر پرائز (ایم ایس ایز) کی پوری نہ ہونے والی وسیع طلب کو مدنظر رکھتے ہوئے مائکرو انٹر پرائزز کی قرض دینے کی گنجائش بڑھانے کی ضرورت تھی۔ ان اقدامات سے چھوٹے قرض گیروں اور کاروباری اداروں کو مزید سہارا ملے گا اور اس کے ساتھ ساتھ موجودہ دشوار حالات میں معاشی سرگرمیوں کی بحالی میں مدد ملے گی۔ تاہم استحکام کو یقینی بنانے کی غرض سے صرف ان ہی مائکروفنانس بینکوں کو ہاؤسنگ اور چھوٹے کاروباری اداروں کے لیے قرضے جاری کرنے کی اجازت دی گئی ہے جو مالی طور پر مستحکم ہیں اور قرضوں کے بڑے حجم کا کامیابی سے انتظام کرسکتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ اسٹیٹ بینک کا مائکروفنانس بینکوں کے لیے ریلیف پیکج کو، جس میں کووڈ 19 کی جاری وبا کے منفی اثرات سے نمٹنے کیلیے قرضوں کی اصل رقم موخر کرنے اور قرضوں کی تشکیل نو شامل تھی، تین اقدامات کے ذریعے توسیع دی گئی ہے۔ اول، ریلیف اقدامات کی سہولت جو پہلے 15 فروری 2020ء سے دستیاب تھی، اب ان قرض گیروں کو بھی دستیاب ہے جو 31 دسمبر 2019ء کو ریگولر تھے۔ اس طرح زیادہ لوگوں کو اس ضوابطی اقدام سے استفادہ کرنے کا موقع ملے گا۔ دوم، اس کڑے وقت میں مائکروفنانس بینکوں کو سہولت دینے کی غرض سے پرویژننگ کی شرائط میں دو ماہ کی توسیع کردی گئی ہے، اور سوم، صارفین کو اس پیکیج سے مستفید کرانے کے لیے کلائنٹ کی مرضی بذریعہ ریکارڈ شدہ فون لائنز اجازت دیدی گئی ہے اس اقدام سے بے روزگاری کے خاتمے اور معاشی استحکام میں مدد ملے گی۔

میر غوث بخش بزنجو مدبر بااصول سیاسی رہنماء

عموماً جب آپ کسی ایسے موضوع پر لکھ رہے ہوں جس کا تعلق موجودہ صورتحال سے ہو تو لکھنے میں آسانی ہوتی ہے کیونکہ اس موضوع پر بہت سا مواد آپ کے نظروں سے گزر رہا ہوتا ہے۔ لیکن جب آپ تاریخ پر لکھتے ہیں تو اس کے لئے آپ کو بہت سارے

انور رخشانی

مطالعے سے گزرنا پڑتا ہے اور اگر تاریخ کسی ایسے شخصیت کے بارے میں ہو جس کو پڑھنے اور اس پر لکھنے والوں کی تعداد ہزاروں میں ہو تو اس پر لکھنے میں احتیاط برتنا لازم بن جاتا ہے۔ یقیناً میرے جیسے عام سیاسی ورکر کا بابائے بلوچستان میر غوث بخش بزنجو کے بارے میں لکھنے کی ہمت کرنا بھی مشکل فیصلہ ہے۔

بابائے بلوچستان میر غوث بخش بزنجو کی سوانح حیات جسے بابائے بلوچستان کے سیاسی شاگرد انتہائی نرم لہجہ مگر مدبرانہ، اور دانشورانہ سیاسی بصیرت کے مالک میر طاہر بزنجو نے، بابائے بلوچستان، کے نام سے ایک کتاب کی شکل میں ترتیب دیا ہے۔ اس کتاب کے مطالعہ کے بعد کوشش کی کہ بابائے میر غوث بخش بزنجو کے بارے میں لکھنے کی جسارت کرسکوں۔ لیکن اگر مجھ سے کوئی غلطی صادر ہوجائے تو تاریخ سے وابستہ افراد، سیاسی کارکن اور قلم کاروں سے شرمندگی معذرت کا طلب گار ہوں۔

1917 میں میر ستر خان بزنجو کے گھر جھاؤ آوران میں پیدا ہونے والے میر غوث بخش بزنجو والد کے جلد وفات کے باعث کم عمری میں ہی آزمائشوں اور مشکلوں سے گزرے باوجود اس کے کہ میر صاحب ایک بڑے قبائلی گھرانہ کے چشم و چراغ تھے ابتدائی تعلیم کے لئے پہلے سنڈیمن اسکول کوئٹہ اور 1935 کے زلزلے کے باعث کراچی منتقل ہونا پڑا یاد رہے کہ دوران طالب علمی میر صاحب کو اقبال سے بے پناہ لگاؤ تھا جس کے باعث میر صاحب مختلف تعلیمی اداروں کی جانب سے اقبال کھلتے رہے جن میں علیگڑھ یونیورسٹی سرفہرست ہے۔

جلد ہی اقبال کو ایک طرف کرکے میر صاحب سیاسی سفر پر گامزن ہوئے اور 1937 میں میر صاحب کمیونسٹ پارٹی سے اپنے سیاسی سفر کا آغاز کرلیا۔ جب 1939 میں علی گڑھ سے دوبارہ کراچی آئے تو کراچی کے بلوچوں کی نمائندگی کرنے قلات نیشنل پارٹی کے سالانہ اجلاس میں شرکت کرنے مستونگ پہنچے۔

قلات پولیٹیکل ایجنٹ، خان قلات اور قبائلی سرداران جو بلوچستان کے سیاسی قیادت کو اپنے لئے خطرہ سمجھتے تھے۔ خان قلات اور پولیٹیکل ایجنٹ نے قبائلی سرداروں اور قلات نیشنل پارٹی کے سیاسی قیادت کے درمیان ٹکراؤ کا بہانہ بنا کر قلات نیشنل پارٹی کے صدر ملک عبدالرحیم خواجہ خیل سمت اکثر ارکان کو ریاست بدر کردیا اور احتجاج کرنے پر میر صاحب کو قلات لاکر نظر بند کردیا۔ یوں میر صاحب کا سیاسی سفر بھی مشکلات ہی سے شروع ہوا۔ کیونکہ اس نظر بندی کے بعد میر صاحب کی جائیداد ضبط کرلی گئی اور پولیٹیکل ایجنٹ اور ریاست کی طرف سے جو وظیفہ ملتا تھا وہ بھی بند ہوگیا۔ 1940 میں میر صاحب کو بھی ریاست بدر کیا گیا جہاں میر صاحب اپنے سیاسی دوستوں سے جا ملے۔ یاد رہے کہ اس وقت قلات ہندوستانی ریاست کا حصہ نہیں تھی لہذا قلات سے ریاست بدر ہونے والی سیاسی قیادت ہندوستان میں موجود ان سیاسی جماعتوں سے قربتیں بڑھانے کے لئے آگے بڑھی جو مشترکہ دشمن برطانوی سامراج کے خلاف صف آرا تھے۔

11 اگست 1947 کو بلوچستان 14 اور 15 اگست بالترتیب پاکستان اور ہندوستان آزاد ہوئے۔ ریاست بلوچستان کے آزادی کے بعد انتخابات کے ذریعہ دو ایوان دارالعوام اور دارالامرا منتخب ہوئے میر صاحب ریاست قلات میں دارالعوام کے رکن منتخب ہوئے۔ الحاق پاکستان کے لئے دو دفعہ دونوں ایوانوں کے اجلاس بلائے گئے لیکن دونوں دفعہ الحاق نامہ مسترد ہوا میر صاحب ان دونوں اجلاسوں میں دارالعوام کا حصہ تھے جنہوں نے پاکستان کے ساتھ الحاق کی مخالفت کی تھی۔ بعد میں قلات ریاست کا پاکستان کے ساتھ الحاق ہوگیا جو ایک الگ موضوع ہے۔

پاکستان سے الحاق کے بعد قلات نیشنل پارٹی پر پورے ملک میں پابندی عائد کردی گئی۔ پاکستان سے الحاق اور قلات نیشنل پارٹی پر پابندی کو کافی عرصہ گزر چکا تھا پابندی سے چھٹکارے اور سیاسی عمل کو آگے لے جانے کے لئے قلات نیشنل پارٹی کے تمام ارکان پارٹی مشاورت سے مسلم لیگ میں شامل ہوگئے لیکن بلوچستان میں لیگ بھی زیادہ عرصہ نہ چل سکی۔

کچھ عرصہ تک بلوچستان میں سیاسی عمل مکمل رکا رہا 1955 میں شہزادہ عبدالکریم کی رہائی کے بعد میر غوث بخش بزنجو، میر گل خان نصیر اور دیگر سنیئر دوست سے مشاورت کے بعد، استمان گل، کے نام سے نئی پارٹی کی بنیاد رکھ دی گئی۔ جلد ہی پاکستان کے قوم پرست، ترقی پسند بائیں بازو کی جماعتیں ایک پلٹ فارم پر منظم ہونے لگیں۔ جی ایم سید، خان عبدالغفار، میاں افتخار، میر غوث بخش بزنجو، خان عبدالصمد خان، میر گل خان نصیر، عبدالرحیم و دیگر نے ایک نئی جماعت کی بنیاد رکھی۔ باہمی مشاورت سے خان عبدالغفار خان پارٹی سربراہ بن گئے۔ پہلے پارٹی کا نام پاکستان نیشنل پارٹی اور بعد میں نئے دوستوں کے آنے کی وجہ سے پارٹی کا نام تبدیل کرکے نیشنل عوامی پارٹی رکھ دیا گیا۔ غیر جمہوری، غیر سیاسی قوتوں کے خلاف ہر محاذ پر ڈٹے رہنے کی وجہ سے میر صاحب سیاسی دوستوں سمت اکثر قلی کیمپ، جیل اور جلاوطنی کی زندگی گزارتے رہے صدر ایوب کے دور میں حیدرآباد جیل سمت مختلف عقوبت خانوں میں سخت اور مشکل حالات کا جوان مردی مقابلہ کیا۔

1970 میں ون یونٹ کے خاتمے اور انتخابات کے بعد جب میر صاحب گورنر اور سردار عطاء اللہ مینگل وزیر اعلیٰ بلوچستان بنے تو بلوچستان اور بلوچ قوم کے مستقبل کو سنوارنے کے لئے اس وقت کی پہلی میڈیکل کالج اور یونیورسٹی کی بنیاد ڈال کر بلوچ قوم کو پیغام دیا کہ قومیں بندوق سے نہیں بلکہ تعلیم کی شمعیں روشن کرنے سے ترقی کرتی ہیں۔

ان کا ایک قول بلوچ قوم آج بھی فخر سے یاد کرتی ہے کہ جب میر صاحب یونیورسٹی کے پروفیسر جو میر صاحب سے ملنے ان پاس جانے والے تھے لیکن اس پہلے میر صاحب خود اس کو لینے پہنچ گئے اور پروفیسر کے منع کرنے پر کہا کہ میں ختم ہونے والا گورنر ہوں اور آپ ہمیشہ رہنے والے استاد ہیں۔

جلد ہی ذوالفقار علی بھٹو نے (NAP) کی حکومت پر ملک دشمنی کے الزامات لگا کر پہلے میر صاحب کو گورنر کے عہدے سے ہٹا کر نواب اکبر خان بگٹی کو گورنر بنایا پھر سردار عطاء اللہ مینگل کی منتخب حکومت کا بھی خاتمہ کرلیا یوں نیشنل عوامی پارٹی کی پہلی حکومت چند ماہ کے بعد ہی ختم ہوگئی۔ بعد میں بغاوت اور ملک دشمنی کے الزامات لگا کر میر غوث بخش بزنجو، نواب نواب خیر بخش مری، سردار عطاء اللہ مینگل سمت بلوچستان سے (NAP) کے تقریباً سینئر قیادت کو گرفتار کرلیا گیا۔ بلوچستان میں بڑے پیمانے پر آپریشن شروع کیا گیا گرفتاریوں کا نہ روکنے والا سلسلہ شروع ہوا میر صاحب ساتھوں سمت پانچ سال 1973 سے 1978 تک جیل کی کال کوٹری میں رہے۔ جب آپ رہا ہوئے تو پہلے سے ہی جمہوری حکومت کا خاتمہ ہوچکا تھا۔

جب میر صاحب اور ان کے قریبی رفقا قید و بند سے رہا ہوئے تو ولی خان سے اختلافات کی وجہ سے الگ ہوکر سردار عطاء اللہ مینگل، نواب خیر بخش مری و دیگر ہم خیال ساتھوں سے مل کر نئی جماعت پاکستان نیشنل پارٹی کی بنیاد ڈال دی۔ مارشل لاء اور ساتھیوں کے جلاوطنی کے باوجود میر صاحب ملک میں رہ کر جمہوری اداروں اور آئین کی بالادستی کے لئے جدوجہد کرتے رہے اور اس جدوجہد کے نتیجے میں قلی کیمپوں اور جیلوں میں تکالیف اٹھائیں میر صاحب اپنے 70 سالہ زندگی کے 25 سال زنداں میں رہے 1988 کے الیکشن میں قومی اسمبلی کے دو حلقوں سے الیکشن ہارے یقیناً اس بار میں طویل عرصہ ساتھ رہنے والے میر صاحب کے اپنے قریبی ساتھیوں کے علاوہ ظفر مودہ قبائلی سوچ وانا پرستی کا کردار زیادہ تھا۔

میر صاحب کینسر جیسے موذی مرض کا شکار ہوکر 11 اگست 1989 کو اپنے خالق حقیقی سے جا ملے میر صاحب کی رحلت کے بعد سامراجی اور غیر جمہوری قوتوں کے خلاف طویل جفاکش جدوجہد کا ایک اہم باب بند ہوگیا۔ میر صاحب اپنی سیاسی بصیرت اور مستقل مزاجی کی بدولت پاکستان سمت برصغیر کی سیاست میں اہم مقام رکھتے تھے۔

میر صاحب کو 1973 کی متفقہ آئین کے موجدین میں شمار کیا جاتا ہے۔ میر صاحب ساری زندگی وطن اور اہل وطن کی بہتری کے لئے اپنی زندگی وقف کردی۔ وہ عوامی طاقت پر یقین رکھتے تھے اور عوام کو ہی سیاست کا سرچشمہ سمجھتے تھے ظالم کے خلاف اور مظلوم کی آواز سمجھے جانے والے میر صاحب لسانی اور تشدد کے سیاست کے خلاف تھے میر صاحب کو فکری وسیع النظری سیاست میں مستقل مزاجی اور عوام کے ساتھ بے پناہ محبت کی بدولت آج بھی بابائے بلوچستان کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔

میر صاحب اکثر کہا کرتے کہ مجھے، شیر اور قائد، جیسے القابات سے نہ پکاریں اور نہ ہی مجھے قائد جمہوریت پکارا کریں میں عام انسان اور آپ لوگوں کا ساتھی ہوں۔

میر صاحب اپنے سیاست کا وارث اپنے خاندان کے بجائے نوجوانوں کو سمجھتے تھے۔ میر صاحب کی زندگی آج بھی وطن اور اہل وطن سے محبت کرنے والوں کے لئے مشعل راہ ہے۔ میر صاحب خود تو اپنے آخری آرام گاہ میں ہیں لیکن ان کی سیاسی، فکری، نظریاتی جدوجہد آج بھی ہر اس نوجوان کی رگوں میں دوڑ رہا ہے جس نے میر صاحب کی سیاسی جدوجہد کے فلسفے پر عمل پیرا ہوکر بابائے بلوچستان کے سیاسی و نظریاتی سیاست کے پرچم کو مضبوطی سے تھامے ہوئے ہیں۔

معاشرہ کو کتاب کلچر کی ضرورت۔۔۔۔

ابوبکر دانش بلوچ

کہتے ہیں کہ کتاب انسان کی بہترین دوست ہوتی ہے برا اچھی کتاب انسان کا دوست ہے ساری زندگی میں انسان کی اخلاقیات کو سنوارتی رہتی ہے کتاب زندہ ہے پڑھنے والے بھی زندہ ہیں۔

کتاب جتنی پرانی اور بوسیدہ ہوتی ہے تو اس کی قیمت اور زیادہ ہوتی ہے۔ مارکیٹ میں کتابوں کی قیمتیں بڑھتی جارہی ہیں۔ پہلے ایک کتاب کی قیمت دس روپے تھی اب ایک ہزار روپے ہے کمپیوٹر پرانا ہو تو ناکارہ ہوجاتا ہے۔ موبائل فونز میں بیٹری یا پاور نہ ہو تو وہ نہیں چلتے۔ کتاب خود ایک پاور ہے۔ کتاب بینی کے لئے الیکٹرک آلات کی ضرورت نہیں پڑتی۔ سورج اور چاند کی روشنی میں کتاب پڑھی جاسکتی ہے۔ کتب بینی سے علم میں اضافہ ہوتا ہے۔

جو وقت مطالعہ میں گزرتا ہے وہ بڑھاپے کا آئینہ دار ہوتا ہے۔ عالم تاریخ اس بات کی گواہ ہے قوموں کی ترقی اور معاشی خوشحالی کے پیمانے اور منصوبہ بندیاں کتابوں سے ازبر ہوئے

کتب بینی انسان کی زندگی میں غیر معمولی تبدیلی پیدا کرتی ہے کتاب دوست لوگ معاشرے میں اپنا الگ مقام رکھتے ہیں جبکہ مطالعہ کے عادی افراد اپنے حلقے میں ہر دل عزیز ہوجاتے ہیں کیونکہ یہ اپنی ذخیرہ الفاظ اور معلومات کی بنیاد پر دوسروں کو اپنا گرویدہ بنا لیتے ہیں مطالعہ انسان کی شخصیت سازی میں بنیادی کردار ادا کرتا ہے آج بھی جو نوجوان اپنا رشتہ کتاب یا مطالعے سے بنائے ہوئے ہیں، وہ بالکل ہی الگ شخصیت کے حامل دکھائی دیتے ہیں آج ہم اپنے اطراف ذرا نظر دوڑائیں تو ہم پر منکشف ہوگا کہ معروف و کامیاب شخصیات نے زمانہ طالب علمی سے ہی کتاب بینی کی عادت اپنا رکھی تھی اسی وجہ سے انکا ایک الگ نام اور پہچان ہے (جاری ہے)

"10 اگست 2010 یوم شہادت"

خضدار کے نامور شخصیت شہید چیف عطاء اللہ بلوچ دلوں پر راج کرنے والے رہنما اور سرزمین جھالاوان کے عظیم فرزند و سرمایہ افتخار تھے۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں ہمدردی اور سخاوت کا ایسا طرز حیات عطا فرمایا تھا کہ وہ

عطاء اللہ بلوچ

خضدار کے لئے بطور انسانی سائبان و مسیحائی کا کردار سہار ہے تھے۔ شہید چیف عطاء اللہ بلوچ کی وہ مسکراہٹ، لطف اندوز گفتار، ان کی سحر انگیز محفل، بڑے اور چھوٹے امیر و غریب افراد کے لئے یکساں مزاج نرم و لہجہ رکھنے کا ان کا انداز منفرد و اعلیٰ تھا جو آج تک دل پر نقش اور ہر دیکھنے والی آنکھ کے لئے خشک محسوس ہوتا تھا۔ جب سے شہید چیف عطاء اللہ بلوچ ہم سے اوجھل ہوئے ہیں ان جیسے منفرد خیر خواہ، درد دل رکھنے والے انسان کے لئے خضدار و جھالاوان کے لوگ ترستے ہیں شہید چیف عطاء اللہ بلوچ کی یادیں بے حد ستاتی ہیں۔ آج دس اگست کو ان کی دسویں برسی منائی جارہی۔ آج سے دس سال قبل آج ہی کے دن گھر جاتے ہوئے انہیں شہید کردیا گیا تھا

ابھی جام عمر بھرا نہ تھا کہ دست ساقی چھلک پڑا
رہیں دل کی دل میں ہی حسرتیں کہ نشاں قضا نے مٹا دیا

چیف عطاء اللہ بلوچ میں وہ خصلتیں اور خصوصیات موجود تھیں کہ جس کا ہر کوئی معترف اور گواہ ہے۔ انسانی ہمدردی کا سلیقہ ان میں یہ راقم موجود تھا وہ جب بھی انسان کو مشکل گھڑی میں دیکھتے تو انہیں اس مشکل گھڑی سے نکالنے کے لئے ہر آخری حد تک اپنی کوششیں بجالاتے۔ چیف عطاء اللہ بلوچ نہ صرف سچے اور راست گو شخصیت تھے بلکہ وہ اپنے ڈسٹرکٹ کے لوگوں کے مفادات پر مرنے والے انسان و خیر خواہ تھے۔ نیک نامی، فلاحی سوچ، بے بس افراد کی مدد اور تعمیری سوچ کے حامل سماجی رہنماء تھے۔ بیماروں کی تیمارداری ہو یا علاج و معالجہ انہیں صف اول کے کرداروں میں میں دیکھتے پایا تھا، غریبوں کے ہمدرد، مصیبت زدہ افراد کے سہارا، تنازعات اور جنگ و جدل میں پھنسے افراد کے لئے ذہاں اور منصف کا کردار نبھانے والے انسان تھے، تاجر دوکانداروں کے لئے معاون اور بھائی جیسا مدد دینے والے رہنماء تھے۔ خضدار میں جب بھی شہر میں اہم مسئلہ درپیش آتا، سماج کو کوئی مشکل پیش آتی، کسی اہم نوعیت کے مسئلے سے نکلنے کی بات آتی تو سب کی نگاہیں شہید چیف عطاء اللہ بلوچ کی جانب مرکوز ہوجاتی۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں ایسی خوبی اور ایسی حکمت فہم و فراست سے نوازا تھا کہ کوئی بھی مشکل سے مشکل مسئلہ ہوتا وہ ایسے مسئلوں کا حل پل بھر میں نکالتے۔ راقم ان کی ایسے بہت سارے محفلوں میں موجود تھے جہاں ان کی گفتگو کی ابتداء اپنے شہر کی خوبصورتی، یہاں کے لوگ اور کم آمدن والے لوگوں کے لئے آسانیاں پیدا کرنے اور مشکلات دور کرنے سے شروع ہوجاتی اور اختتام بھی اسی موضوع پر ہوجاتا۔ ہمدرد انسان کی یہی نشانی ہوتی ہے کہ وہ ہمیشہ انسانوں کے فلاح کے بارے میں سوچتا ہے اور ان کے مسائل حل کرنے کی منصوبہ بندی کرتا رہتا ہے شہید چیف عطاء اللہ بلوچ ہمیشہ یہی کرتے اور اسی مقصد اور منزل کی جانب گامزن رہتے۔

خضدار چونکہ قومی شاہراہ کے سنگم پر واقعہ ہے نزدیک حادثات یہاں بسا اوقات ہوتے رہتے اور اکثر زخمیوں کو ہسپتال لائے جاتے ہیں، باہر سے آنے والے زخمی اکثر یہاں اجنبی اور مصیبت زدہ ہوتے ہیں۔ ایسی کسی ایمرجنسی کی صورت میں زخمی افراد کی دادرسی کے لئے شہید چیف عطاء اللہ بلوچ وہ پہلا فرد ہوتے جو ہسپتال پہنچ جاتے اور ابتدائی طبی امداد کی نگرانی سے لیکر زخمیوں کو بڑے شہروں کے ہسپتال یا اپنے گھر تک منتقلی کے انتظامات و اقدامات کا جائزہ لیتے اور ان کی مدد کرتے۔ اسی طرح ایک دوست ان کا ایک واقعہ بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ ایک بار خضدار کے قریب روڈ پر ایکسیڈنٹ ہوا تھا اور شہید چیف عطاء اللہ بلوچ پہلی فرصت میں ہسپتال پہنچ چکے تھے انہوں نے مجھے فون کیا کچھ زخمی ہیں اور وہ اجنبی ہیں جنہیں خضدار ایمرجنسی میں ابتدائی طبی امداد کے بعد کوئٹہ روانہ کرنا ہے، ان کے بھیجنے کے انتظامات کرچکا ہوں تاہم تھوڑے پیسے کم پڑ گئے ہیں، آپ کچھ رقم کا بندوبست کریں واقعہ بیان کرنے والے دوست کا کہنا ہے کہ میرے پاس دستیاب جتنی رقم تھی وہ شہید چیف عطاء اللہ بلوچ کے حوالے کردیا اور انہوں نے ایمبولینس و دیگر انتظامات مکمل کرکے زخمیوں کو کوئٹہ روانہ کردیا تاہم دوسرے روز انہوں نے میری جتنی رقم تھی وہ میرے حوالے کردیا۔ شہید چیف عطاء اللہ بلوچ کی انسانی ہمدردی اور انسان دوستی کی یہ ایک مثال تھی۔ ان کے ایسے بے حد مثالی بہت ساری خدمات تھے جو وہ ہمیشہ پوشیدہ انداز میں سرانجام دیتے اور انسانوں کی مشکل و مصیبت کی گھڑی میں مدد کرتے اور بلاتفریق بلارنگ و نسل خدمت سرانجام دیتے تھے۔

خضدار شہر کی تعمیر و ترقی اور خوبصورتی کا انہیں بے حد شوق تھا اور اس حوالے سے وہ ہمیشہ سوچتے پلان بناتے اور انکا میئر کو مشورے دیتے رہتے تھے۔ آج خضدار میں ارباب کمپلیکس کی صورت میں جو پلان اور نئی خوبصورتی و کاروباری رونق نظر آرہی ہے یہ بھی ان ہی کی مرہون منت ہے انہوں نے اپنے رفقاء میر محمد یونس عزیز زہری، ارباب محمد نواز مینگل کے ساتھ مل کر خضدار کو ایک نئی خوبصورتی اور نئے دلہن سے ہمکنار کرایا۔ یہی وجہ ہے کہ آج ارباب کمپلیکس کو خضدار بازار کا نصف نہیں تو چوتھائی حصہ قرار دیا جاسکتا ہے جس کی وجہ سے شہر کی ٹریفک ہم میں کمی واقعہ ہوگئی اور شہر کو ایک نئی کاروباری مارکیٹ میسر آگئی ہے۔

خضدار میں اکثریتی برادری ہندو کمیونٹی کو ان سے والہانہ لگاؤ تھا، وہ ہندو کمیونٹی کے افراد کی حوصلہ افزائی کرتے ان کو احساس کمتری سے نکال کر برابر کے شہری کا احساس دلانے میں ہمیشہ ان کا دل بہلاتے، ان کی مشکل حل کرتے اور پریشانی و مصائب کے وقت ہندو برادری کے لئے ڈھال بن جاتے۔ وہ جب بھی صبح گھر سے نکلتے تو ان کی پہلی ملاقات ہندو کمیونٹی کے افراد سے ہوتی، ان کی خیریت دریافت کرتے، کاروبار اور ان کی تجارت کا حال پوچھتے۔ ہندو کمیونٹی کے افراد بھی انہیں اپنے لئے ٹھنڈک پہنچانے والا سائبان ہی سمجھتے، جب بھی کوئی مشکل آجاتی تو وہ چیف عطاء اللہ بلوچ ہی کو اپنے درمیان پاتے اور اپنی ہی مسئلے سے بے پرواہ اور بے فکر رہتے، چونکہ انہیں کامل یقین تھا کہ شہید چیف عطاء اللہ بلوچ ہی ان کے مسئلے کو حل کرنے کی اہلیت رکھتے ہیں اور وہ ضرور اپنی دانائی فہم و فراست سے بہتر حل ڈھونڈ نکالیں گے۔

شہید چیف عطاء اللہ بلوچ کا حلقہ احباب وسیع تھا، جب کہیں کوئی ایونٹ، یا عید ہوتی تو ان کے دوستوں کی محفل لگتی، سیر حاصل بحث کی جاتی، باہمی دلچسپی کی باتیں ہوتیں، اور ان کی میٹھی باتوں سے دل باغ باغ ہوجاتا۔ خضدار میں قومی شاہراہ سے متصل ایک قدیم ہوٹل واقع ہے، اس ہوٹل میں میں صبح کے اوقات میں دوستوں کی محفل لگتی اس محفل کے کنگ شہید چیف عطاء اللہ بلوچ ہوا کرتے تھے، اور ان کے اردگرد حلقہ لگا ہوتا جہاں سب ہم خیال دوست اکٹھے ہوتے ان کی میٹھی باتیں سنتے اور ان سے لطف اندوز ہوتے، دوست واحباب کی خیریت دریافت کیے جاتے، شہر کا طائرانہ جائزہ لیا جاتا ایک خوشگوار ماحول ہنسی مذاق میں ان کی یہ محفل کئی گھنٹے تک جاری رہتا۔ یہ ایک دن یا ایک ہفتے کی محفل نہیں ہوا کرتی بلکہ یہ روزانہ کا معمول تھا ان سے بہت کچھ سیکھنے کو ملتا، شہید چیف عطاء اللہ بلوچ کی وہ یادیں وہ باتیں، وہ ہنسی مذاق، وہ خلوص، وہ درد و الفت، وہ اپنائیت آج بھی یاد ہے اور انہیں یاد کرکے دل بہت غمگین ہوتا ہے۔

بجھا چراغ، اجڑی بزم، کھل کے رو اے دل
وہ سب چل بسے جنہیں عادت تھی مسکرانے کی

وہ جمہوریت کے علمبردار رہنماء تھے ہمیشہ سولین بالادستی اور عوام دوستی کی سیاست کرتے تھے۔ اجتماعی مسائل کا حل عوام کی صحیح معنوں میں ترجمانی، لوگوں کی خدمت، عوام کی خوشحالی فلاح و بہبود علاقائی ترقی، ترقی پسند سوچ رکھتے اور اسی کی سیاست کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں خطابت کے منفرد فن سے نوازا تھا، وہ جب بھی اسٹیج پر آتے، اجتماع، جلسہ، تقریب میں بولتے تو الفاظ کی لڑی بنتی، بیان ایسا کہ سننے والے دنگ رہ جاتے، جذبات اور گفتگو میں شیرینی محسوس کی جاتی، ان کی سیاست اور طرز خطابت ایک معلم کی مانند تھا جو دیکھتا یا سنتا اور ان کے الفاظ کا گرویدہ بن جاتا۔

شہید چیف عطاء اللہ بلوچ کی سخاوت بھی کمال کی تھی، سفر میں ہو یا حضر میں ان کے ساتھ رہنے والے اور سفر کرنے والے دوست ان کی سخاوت کو مثالی قرار دیتے ہیں طمع اور لالچ کو کبھی بھی اپنے قریب آنے نہیں دیا، ہمیشہ خودداری کو فروغ دیتے رہے۔

شہید چیف عطاء اللہ بلوچ ہمیشہ مسکراتے ہوئے کہتے تھے کہ ہم مولویوں سے پہلے جنت میں جائیں گے، ان کا یہ دعویٰ اس وقت کسی ساتھی کو سمجھ نہیں آتا تاہم جب وہ شہید ہوئے تو اس کے بعد سب کو سمجھ آگیا کہ وہ اپنے اس قول میں کتنا پختہ یقین رکھتے تھے، ہوا بھی وہی کہ وہ سب سے پہلے جنت کے راہی بن گئے۔

یہ رتبہ بلند ملا جس کو مل گیا
ہر مدعی کے لئے دار و رسن کہاں

شہید چیف عطاء اللہ بلوچ کے فرزند چیف یاسر بلوچ اپنے والد کے نقش قدم پر چل کر ان کے سیاسی والی وارث بن چکے اور انہی کے پیروکار ہیں۔ خدمت، انسانیت، سنجیدگی، تحمل مزاجی، بردباری والد صاحب ان میں پائی جاتی ہے۔ وہ اپنے والد کے طرز زندگی کو مشعل راہ بنا کر سماج کی خدمت میں فرنٹ لائن کا کردار نبھا رہے ہیں۔ چیف یاسر بلوچ تو جوان رہنماء ہیں وہ پہلی بار بلدیاتی الیکشن میں مقابلہ کرنے کے لئے اترے اور پہلے سیاسی معرکے میں کامیابی سمیٹنے میں کامیاب ہوئے۔ میونسپل کارپوریشن کا ممبر بن کر خدمت کو بھرپور انداز میں فروغ دیا۔ چیف یاسر بلوچ ایک نوجوان رہنماء ہیں وہ سیاست بھی کرتا جانتے ہیں اور عوام کی خوشحالی کے لئے حکمت مرتب کرنے اور منصوبہ سازی کا انداز بھی جانتے ہیں۔ چیف یاسر بلوچ نے اپنے والد کی شہادت کے بعد ناسماعد حالات میں عملی زندگی کی شروعات کی۔ ایک جانب ان کے لئے مشکلات و خطرات تھیں تو دوسری جانب ان کے والد کی زندگی ان کے لئے عملی کتاب کی مانند ان کے سامنے تھی۔ انہوں نے اپنے والد کے نقش قدم کو چنا اور آگے بڑھنے کا فیصلہ کرلیا جس میں انہیں کامیابی ملتی گئی، پہلی کامیابی انہوں نے بلدیاتی الیکشن میں حاصل کی اور دوسری کامیابی انہوں نے سماج کی امید اور توقعات پر پورا اتر کر حاصل کی۔ جب وہ بلدیاتی نمائندے تھے تو دستیاب وسائل کے اندر رہتے ہوئے اپنے حلقے کے عوام کے مسائل حل کرلیتے تاہم اس سے بھی دو قدم آگے بڑھ کر وہ ان علاقوں میں بھی عوام کے مسائل چاہے روڈ کی صورت میں ہوں، مریضوں کے علاج و معالجہ یا مالی امداد کی صورت میں ہوں انہیں حل کرنے کے لئے اپنی کوششیں بجالاتے، انہوں نے خضدار شہر اور ڈسٹرکٹ کے دوسرے مقامات پر ایسے بہت سارے جگہوں پر خدمت سرانجام دی ہے جو ان کے دائرہ کار میں نہیں آتے۔ چند عرصہ قبل وہ جب پنگ پر خضدار کے ایک نواحی علاقہ گئے تھے جہاں انہیں دیہات کے دو غریب افراد ملے جو کہ آنکھوں کے مرض میں مبتلا تھے جن کے پاس شہر آنے کا کرایہ اور آنکھوں کا علاج کرنے کا خرچ دستیاب نہیں تھا انہوں نے ان دو اجنبی افراد کو دیکھا ان کے سروں پر دست شفقت رکھا اور ایک ہفتے کے اندر انہیں خضدار لایا جہاں ان کی آنکھوں کا علاج کرکے انہیں واپس ان کے گھروں کو روانہ کردیا۔ چیف یاسر بلوچ کی خدا ترسی انسان دوستی کی یہ مثال قابل تعریف اور قابل تحسین ہے۔ خضدار کے ایسے کئی مقامات ہیں کہ جہاں لوگوں کو پینے کے صاف پانی کا ملنا محال تھا انہوں نے وہاں اپنے خرچ پر بورلگا کر عوام کو پینے کے صاف پانی کی سہولت دی۔ شہید چیف عطاء اللہ بلوچ کے ہونہار، فرض شناس، بلند سوچ کے حامل فرزند چیف یاسر بلوچ کی ان فلاحی خدمات اور عوام دوستی کو دیکھتے ہوئے یہ بات یقین سے کہی جاسکتی ہے کہ چیف یاسر بلوچ حقیقی معنوں میں اپنے شہید والد کے نقش قدم پر چل کر خضدار اور خضداریوں کے لئے وہی درد رکھتے اور محسوس کرتے ہیں جو ان کے والد کی خصوصیت تھی۔ چیف یاسر بلوچ غریب اور بے بس افراد کی دعائیں لے رہے ہیں یقیناً ان خدمات کی بدولت ان کا مستقبل روشن اور تابناک ہے اور ان دعاؤں کی بدولت مذید کامیابیاں سمیٹ لیں گے اور زندگی کے کئی نشیب و فراز بہت آسانی سے طے کرپائیں گے۔

شہید چیف عطاء اللہ بلوچ کو ہم سے جدا ہوئے دس سال بیت گئے۔ جب وہ کراچی سفر سے واپسی پر اپنے گھر کی جانب جارہے تھے ک

شال بقیہ 1

عبدالاحد، راشیہ، محمد علی، جلال، سراج، عبدالصمد، رحمت اللہ، انتخاب، حیاب اللہ، زین اللہ زخمی ہوگئے۔ دھماکے کی شدت سے قریبی عمارتوں کے شیشے ٹوٹ گئے جبکہ متعدد گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں میں آگ بھڑک اٹھی، پولیس کے مطابق ریموٹ کنٹرول دھماکہ خیز مواد موٹر سائیکل میں نصب کیا گیا تھا۔ پولیس، ایف سی اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بھاری نفری جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور علاقے کو گھیرے میں لیکر شواہد اکٹھے کرنے کا سلسلہ شروع کردیا گیا جبکہ چمن دھماکے کے چار شدید زخمیوں کو تشویشناک حالت میں کوئٹہ ریفر کردیا گیا دوسری جانب سیکرٹری صحت بلوچستان نے چمن دھماکے زخمیوں کی سول ہسپتال کوئٹہ منتقلی کے پیش نظر ایمرجنسی نافذ کردی اور سول ہسپتال کوئٹہ کے ایم ایس ڈاکٹر فضل الرحمن کھچی کی قیادت میں آرتھوپیڈک سرجنز، نیورو سرجنز اور جنرل سرجنز بمع پی جیز ڈاکٹرز کی ٹیم اور شعبہ حادثات کے عملے کو الرٹ ہسپتال میں موجودگی یقینی بنانے کے ساتھ آپریشن تھیٹرز کو تیار کرنے کی ہدایت کردی۔ دریں اثناء بلوچستان کے سرحدی شہر چمن میں ڈی پی او آفس کے قریب دھماکے میں 5 افراد جاں بحق اور 17 زخمی ہوگئے، صدر مملکت، وزیراعظم عمران خان، گورنر امان اللہ یاسین زئی، وزیراعلیٰ جام کمال، ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی قاسم سوری، سیاسی و مذہبی جماعتوں کے رہنماؤں نے دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے شہدا کے لواحقین سے افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ریسکیو اہلکاروں نے زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا۔

شال بقیہ 2

پی اے پی کے خاتون رکن صوبائی اسمبلی محترمہ یمنیٰ ترین، ڈپٹی کمشنر ہرنائی عظیم جان دمڑ، بی اے پی کے مرکزی رہنماء ملک صبراللہ خان ترین، بی اے پی ضلع ہرنائی کے فوکل پرسن عبدالناصر ترین ایڈووکیٹ، جنرل سیکرٹری شیر باز خان ترین، بی اے پی کے ضلعی آرگنائزر سیکرٹری حاجی معتبر خان ترین، ایس پی ہرنائی محمد حسن کاکڑ نے ایک استقبال کیا صوبائی وزراء حاجی نور محمد خان دمڑ، سردار یار محمد رند ضیاء لانگو سلیم کھوسہ محمد خان لہڑی اور ڈی جی پی ڈی ایم اے عمران زرکون وزیراعلیٰ بلوچستان کے ہمراہ تھے وزیراعلیٰ بلوچستان صوبائی وزراء کے ہمراہ ہیلی کاپٹر کے ذریعہ ہرنائی پہنچے ڈپٹی کمشنر ہرنائی عظیم جان دمڑ، ایکسین ایریگیشن نے وزیراعلیٰ کو بارشوں اور سیلاب سے ضلع ہرنائی میں ہونے والے نقصانات پر تفصیلی بریفنگ دی جبکہ بی اے پی کے فوکل پرسن ضلع ہرنائی عبدالناصر ترین ایڈووکیٹ نے سپاسنامہ پیش کیا وزیراعلیٰ بلوچستان نے اپنے مختصر خطاب میں کہا کہ صوبے کے مختلف اضلاع میں حالیہ بارشوں اور سیلاب نے بڑے پیمانے پر عوام اور سرکار کو نقصان پہنچایا ہے حکومت بلوچستان، پاک فوج اور ایف سی و دیگر فورسز کی جانب سے متاثرہ علاقوں میں ہنگامی بنیادوں عوامی ریلیف کی فراہمی کیلئے اقدامات کررہے ہیں عوام کو مشکل گھڑی میں تنہا نہیں چھوڑے گے بلکہ حکومت عوام کے شانہ بشانہ کھڑی ہے وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا کہ حکومت ضلع ہرنائی سمیت صوبے کے تمام اضلاع کو ترقی دلانے کیلئے ہر ممکن کوشش کررہے ہیں۔

شال بقیہ 3

مقاصد میں کبھی کامیاب نہیں ہوسکتے نہ ہی صوبائی حکومت امن و امان کی بحالی میں کسی رکاوٹ کو حائل ہونے دے گی صوبائی حکومت دہشت گرد عناصر اور صوبے کی امن و امان کو خراب کرنے والوں کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹنے کی اور دہشت گرد عناصر قانون کی گرفت سے ہرگز نہیں بچ سکتے ہیں قانون نافذ کرنے والے ادارے دہشت گرد عناصر اور صوبے کی امن و امان کو خراب کرنے والوں سے نمٹنے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں جس سے عوام کی بھی بھرپور تعاون حاصل ہے ترجمان حکومت بلوچستان نے کہا کہ چمن بم دھماکہ میں زخمی ہونے والے افراد کو علاج معالجے کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں گی شہداء کے لواحقین سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے دعا کی ہے کہ سگوار خاندان کو صبر کی توفیق عطا کرے اور شہداء کے درجات بلند کرے۔ دریں اثناء ترجمان حکومت بلوچستان لیاقت شاہوانی نے چمن بم دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ امن دشمنوں کا کوئی بھی صورت نہیں چھوڑیں گے، بلوچستان میں پچھلے تین ماہ کے دوران کورونا، ٹڈی دل اور اب بارشوں اور سیلابی صورتحال سے نبرد آزما ہے۔

شال بقیہ 4

کے نمائندے (Dr. Palitha Gunarathna Mahippala) سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہا، اس موقع پر گورنر بلوچستان نے کہا کہ دنیا میں عالمی وبا کووڈ۔19 کے دوران ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن کا قائدانہ کردار رہا ہے اور آئندہ بھی کسی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے، پبلک ہیلتھ کو یقینی بنانے اور حفاظتی اقدامات کے حوالے سے جامع حکمت عملی وضع کرنے میں رہنمائی فراہم کرنے کی ضرورت ہوگی۔ اس سلسلے میں عوامی بیداری کی خصوصی مہم چلانے کے مثبت نتائج برآمد ہوسکتے ہیں۔ گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی نے کہا کہ جان لیوا کورونا وائرس نمٹنے کیلئے پاکستان میں وفاقی اور صوبائی سطح پر اٹھائے گئے اقدامات خراج تحسین کے مستحق ہیں۔ انہوں نے صوبہ میں ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے اس بات پر ضرور دیا کہ دشوار علاقوں کے ساتھ ساتھ صوبے کے دور دراز خصوصاً پسماندہ علاقوں میں کام کرنے پر خصوصی توجہ دیں۔

شال بقیہ 5

بروئے کار لائے جائیں گے، وزیراعلیٰ نے دھماکے کے شہداء کے لواحقین سے تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے شہداء کے درجات کی بلندی کی دعا کی ہے جبکہ انہوں نے زخمیوں کو علاج معالجہ کی بہترین سہولت فراہم کرنے کی ہدایت بھی کی ہے۔

شال بقیہ 6

سلسلے میں پارلیمانی کمیٹی تشکیل دی گئی ہے جو کہ چمن عوام کو بارڈر کی بندش کی وجہ سے بیروزگار ہونے والوں کو مالی ریلیف کی فراہمی اور روزگار کی فراہمی کیلئے کام کررہی ہیں انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان نے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کا عزم کررکھا ہے جس کیلئے صوبائی حکومت سیکورٹی فورسز اور عوام ایک پیج پر ہے۔

شال بقیہ 7

چلی ہوئی، ہماری لاشوں پر تو کوئی آنسو بہانے والا نہیں ہوتا ان نقصانات کا ازالہ کیا جائے اور وہاں پر چھوٹے بڑے ڈیم بنائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ چند سال پہلے آٹھ اگست کو بلوچستان کے وکلاء کی بڑی تعداد بم دھماکے میں ماردیا گیا، کمیشن کی رپورٹ کو ایوان میں بھی پیش کیا گیا ہے۔

شال بقیہ 8

متنازعہ مسئلہ ہے، امید ہے جنرل اسمبلی اقوام متحدہ کی قراردادوں کی روشنی میں مسئلہ کشمیر کے پرامن حل کیلئے اپنا موثر کردار ادا کرے گی، نتیجے میں دیرپا امن و استحکام کیلئے بین الافغان مذاکرات کا جلد انعقاد ناگزیر ہے، کرونا عالمی وبائی چیلنج سے نمٹنے کے لئے عالمی سطح پر جامع اور مشترکہ کاوشیں بروئے کار لانا ہوں گی۔ اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے نومنتخب صدر وولکن بوزکر نے وزارت خارجہ میں وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی سے ملاقات کی جس میں سیکرٹری خارجہ سہیل محمود، ڈی جی یو این اور وزارت خارجہ کے سینئر افسران نے شرکت کی۔ دوران ملاقات اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے پچھترویں (75th) اجلاس سے متعلقہ امور، اجلاس کے ایجنڈے سمیت باہمی دلچسپی کے متعدد امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر خارجہ نے وولکن بوزکر کو اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے 75ویں اجلاس کیلئے صدر منتخب ہونے پر مبارک باد دی اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے 75ویں اجلاس کیلئے جاری کیا گیا ایجنڈا خوش آئند ہے۔

شال بقیہ 9

اقدامات اٹھاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ 11 اگست 1947 کو قائداعظم محمد علی جناح نے قانون ساز اسمبلی کے پہلے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان میں بسنے والے تمام مذاہب کو ماننے والوں کے مساوی حقوق دینے اور انہیں اپنے عقیدے اور مذہب کے مطابق عبادات کرنیکی مکمل آزادی دینے کے عزم کا اظہار کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ قائداعظم کے فرمودات کی روشنی میں اقلیتی برادری کے حقوق کا تحفظ اور انہیں اپنے مذہبی رسم و رواج کے مطابق زندگی بسر کرنے کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت نے اقتدار میں آتے ہی کرتارپور راہداری کے منصوبے کو عملی جامہ پہنایا، جو اس بات کا ثبوت ہے کہ موجودہ حکومت اقلیتی برادری کی مذہبی آزادی پر یقین رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئین پاکستان کے تحت ایوان میں اقلیتی برادری کو مناسب نمائندگی حاصل ہونے کے علاوہ انہیں عام انتخابات میں ووٹ دینے کا حق بھی حاصل ہے۔

شال بقیہ 10

رہی ہیں۔ اور تمام آفیسرز کو واضح ہدایات ہیں کہ کسی بھی دباؤ کو خاطر میں لائے بغیر صرف اور صرف میرٹ پر کام کریں۔ وزیراعظم عمران خان کی قیادت میں وزارت داخلہ نے بڑی کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ ایف اے ٹی ایف کی گرے رینگ سے نکلنے کا معاملہ ہو یا پاکستان کی داخلی سلامتی کے معاملات، مولانا فضل الرحمان کا انتشاری دھرنا ہو یا پی ایس ایل کا محفوظ انعقاد، اسلام آباد میں ماڈل تھانوں کا قیام کے ساتھ ساتھ سیف سٹی کیمروں کی اپ گریڈیشن بھی کی جارہی ہے۔

شال بقیہ 11

بھیانک کے لیے چیلنج ہے۔ صدر اقوام متحدہ نے کہا کہ پاکستان اس عالمی وبا سے بہترین انداز سے نبرد آزما ہوا، دنیا کو کورونا سے نمٹنے کے لیے پاکستان کی کوششوں سے سیکھنے کی ضرورت ہے۔ صدر اقوام متحدہ جنرل اسمبلی نے کہا کہ اعداد و شمار ظاہر کرتے ہیں پاکستان نے باقی دنیا سے بہتر اقدامات اٹھائے۔ صدر اقوام متحدہ جنرل اسمبلی نے کہا کہ اپنی آنکھوں سے اس صورتحال کا مشاہدہ کرکے بہت خوشی ہوئی۔

شال بقیہ 12

لئے گئے تھے جن میں وائرس کی تصدیق ہوئی، محکمہ صحت حکام کے مطابق بچے کا تعلق انداد پولیو قطرے پلانے سے انکاری گھرانے سے ہے۔ واضح رہے کہ بلوچستان میں رواں سال پولیو کے کیسز کی تعداد 16 ہوگئی ہے جبکہ کوئٹہ سمیت صوبے کے 25 اضلاع میں 17 اگست سے انسداد پولیو مہم شروع کی جائیگی۔

شال بقیہ 13

کی زیر صدارت اجلاس ہوا۔ سینیٹر میر کبیر شاہی نے کہا کہ گیس تقسیم سے متعلق آئین کے آرٹیکلز 158 اور 172 پر عملدرآمد کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان اور سندھ سے گیس نکلے اور عوام کو نہ ملے احساس محرومی بڑھے گا۔ انہوں نے کہا کہ گیس تقسیم سے متعلق آئین کے آرٹیکلز پر عملدرآمد نہیں ہورہا۔ وزیر توانائی عمر ایوب نے کہا کہ سندھ سے نکلنے والی گیس میں سے ایک ارب 56 کروڑ مکعب فٹ یومیہ گیس سندھ میں ہی استعمال ہوتی ہے، سندھ کی صرف 26 کروڑ دس لاکھ مکعب فٹ یومیہ گیس پنجاب کو جاتی ہے اگلی سردیوں میں بھی گیس لوڈشیڈنگ رہے گی۔

شال بقیہ 14

کہا کہ پاکستانی عوام دہشتگردوں، ان کے سہولتکاروں اور ان کے ماسٹرز کے خلاف ایک پیج پر ہیں، پیپلز پارٹی کا واضح موقف ہے، خطے میں ترقی فقط امن اور باہمی تعاون و اشتراک سے منسلک ہے انہوں نے دھماکے میں جانوں کے ضیاع پر افسوس کا اظہار کیا اور مطالبہ کیا کہ زخمیوں کے بہتر علاج معالجہ فراہم کی جائیں۔

شال بقیہ 15

کرنا چاہتے ہیں چمن کی دہشتگردانہ کارروائی میں ملوث عناصر اور انکے پشت پناہی کرنے والوں کو جلد از جلد قانون کے کٹہرے میں لاکر نشان عبرت بنایا جائے انہوں نے کہا کہ دھماکے میں شہید ہونے والے افراد کے درجات کی بلندی اور زخمی ہونے والے افراد کی جلد صحتیابی کے لئے دعا گو ہیں شہداء کے لواحقین سے اظہار تعزیت اور اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

شال بقیہ 16

کورونا کے۔ انہوں نے کہا کہ قومی اسمبلی کے اندر جو زبان استعمال کی جاتی ہے وہ مثالی نہیں ہے، ہمیں ایک دوسرے کا احترام کرنا چاہئے، اختلافات ایشوز پر ہونے چاہئیں، ہمارے آپس میں جو رشتے بنے ہیں یہ احترام اور عزت کے ہونے چاہئیں، ایشوز پر بات ہونی چاہئے۔ اجلاس کے دوران کشمیر کمیٹی کے چیئرمین شہریار آفریدی نے کہا کہ سردار ایاز صادق سے ہمارا عزت و احترام کا رشتہ ہے، انہوں نے کہا کہ میں لاہور میں الیکشن مہم میں گیا تو اچانک ایاز صادق اسی گھر آگئے تو ان کے ماتھے پر شکن بھی نہ آیا۔ انہوں نے کہا کہ سینئر پارلیمنٹیرین کے ساتھ احترام کا رشتہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ جو کچھ اس ایوان سے سوشل میڈیا پر غیر پارلیمانی جاتا ہے وہ ہم سب کو بے توقیر کرتا ہے۔

شال بقیہ 17

کرتے ہوئے کہا کہ دھماکے میں شہید ہونے والے افراد کے اہلخانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں، انہوں نے ہدایت کی کہ واقعے میں زخمی ہونے والے افراد کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں۔

شال بقیہ 18

ڈاکٹر کی ٹیم فارماسسٹس نرسز، پیرامیڈیکس اسٹاف اور شعبہ حادثات کا عملہ الرٹ موجود ہے ایمرجنسی، جنرل اور آرتھوپیڈک آپریشن تھیٹرز کے اسٹھ یا کے ڈاکٹرز بمع پی جیز اور دیگر عملہ بھی الرٹ تھے۔ اور ہر طرح کی ایمرجنسی حالات سے نبرد آزما ہونے کے لیے تیار ہیں۔

شال بقیہ 19

کی۔ ملک کی معاشی صورتحال بارے انہوں نے کہا کہ معیشت کورونا سے پہلے ہی مشکلات کا شکار تھا، لیکن حکومت معاشی تباہی کی ذمہ داری کورونا پر ڈال رہی ہے، حکومتی اعداد و شمار کے مطابق مارچ تک غربت اور بے روزگاری میں اضافہ ہوا، جی ڈی پی 2019-20 میں 3000 ارب روپے کی کمی کا سامنا ہے، ایف بی آر کے ٹارگٹ میں 900 ارب روپے کی کمی ہے، نان ٹیکس ریونیو میں 102 ارب روپے کی کمی کا سامنا ہے، حکومت نے آئی ایم ایف کے کہنے پر اس سال کیلئے 4963 ارب روپے ریونیو ہدف رکھا جو غیر حقیقی ہے۔ اس ہدف کو پورا کرنے کیلئے یا تو مزید قرضہ لینا پڑے گا یا ترقیاتی منصوبے روکنے ہوں گے۔ کاروباری طبقے کیلئے شرح سود زیادہ سے زیادہ 4 فیصد کرنا چاہیے۔ امیر حیدر خان ہوتی کا کہنا تھا کہ عمران خان کہتے تھے، ممبران کو فنڈز دینا سیاسی رشوت ہے، آج حکومتی اراکین کو فنڈز مل رہے ہیں اپوزیشن کو نظر انداز کیا جارہا ہے، اراکین کو دی جانیوالی رقم تعلیم اور صحت کے شعبوں پر خرچ کیا جائے۔ صوبائی حقوق بارے انہوں نے کہا کہ 18 ویں ترمیم اور صوبائی خودمختاری کا ہر فورم پر دفاع کرتے رہیں گے۔

شال بقیہ 20

روزنامہ سنگر کوئٹہ اور ڈپٹی انڈی پینڈنٹ کوئٹہ کے چیف ایڈیٹر سید فاروق شاہ نے ہمیشہ مثبت اور توانا صحافت کے فروغ میں اپنا کلیدی کردار ادا کیا ہے جس میں انکے اخبارات کی پالیسی منہ بولتا ثبوت ہے۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ مئی اور سول لائنز پولیس کا سید فاروق شاہ کے ساتھ توہین آمیز رویہ ناقابل برداشت ہے انکے علاوہ گزشتہ روز حنڈ کے پولیس اہلکار انکے اخبار کے دفاتر میں ایسے داخل ہوئے جیسا کہ کسی دہشت گرد کی گرفتاری کے لئے چھاپہ مارا جاتا ہے پولیس کا یہ طرز عمل قابل مذمت ہے جس کا آئی جی پولیس بلوچستان کو فی الفور نوٹس لینا چاہئے۔

شال بقیہ 21

اقدام میں ملوث عناصر کو گرفتار کرکے کیفر کردار تک پہنچایا جائے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز عہدیداروں کے دفود سے ملنے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا ہے کہ پارلیمنٹ نے اپنے تاریخ کی 73 سال پورے کردیئے مگر اس پارلیمنٹ نے بڑے ایسے شب دراز دیکھیں جس کی تالہ بندی تو کبھی کارروائیاں تعطل تو کبھی جمہوریت پر شب خون دیکھیں ہیں۔

شال بقیہ 22

ٹوٹ پھوٹ کا شکار سڑکوں کی وجہ سے بہت سے علاقوں سے ابھی تک سڑک کے ذریعے رابطہ بحال نہیں ہوسکا ہے جس کے باعث لوگوں کو مشکلات درپیش آرہی ہیں۔ سابق گورنر کا کہنا تھا کہ مشکل کی اس گھڑی میں عوام کو تنہا نہیں چھوڑیں گے تاہم متاثرہ علاقوں میں فوری طور پر لوگوں کے لیے صاف خوراک اور پینے کے لیے صاف پانی کا انتظام کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو تمام متاثرہ علاقوں میں میڈیکل کیمپ قائم کرنے چاہیے تاکہ آنے والے دنوں میں بیماریاں وباء کی شکل اختیار نہ کریں۔ سابق گورنر نے اس امر پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ صوبے میں سالانہ کروڑوں ایکڑ فٹ بارشوں کا پانی ضائع ہوجاتا ہے لہذا سیلاب اور بارشوں کا پانی کو محفوظ بنانے کے لئے ڈیمز کی تعمیر ناگزیر ہے۔

شال بقیہ 23

ایر پاخضدار، وڈھ، سارونہ و دیگر علاقوں میں طوفانی بارشوں کے باعث اونچے درجے کے سیلابی ریلے حب ڈیم میں داخل ہورہے ہیں جس کی وجہ سے ڈیم میں پانی کی سطح میں تیزی سے اضافہ ہورہا ہے محکمہ آبپاشی کے ایکسین عبدالجبار کے مطابق ڈیم میں پانی کی سطح 330 فٹ تک جاپہنچی ہے اور حب ڈیم میں آب کی کل گنجائش 339 فٹ ہے اور حب ڈیم میں صرف 9 فٹ پانی کی گنجائش باقی رہ گئی ہے۔

شال بقیہ 24

طور پر بولان میڈیکل کمپلیکس ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے مزید کارروائی متعلقہ انتظامیہ کررہی ہے۔

شال بقیہ 25

کاکڑ میر فاروق لانگو چوہدری محمد عاطف حافظ خلیل احمد سارنگزئی حافظ سراج الدین سالار حافظ مجیب الرحمان ملاخیل حاجی صادق دین ایڈووکیٹ حاجی عبداللہ سلیمانخیل ملک نصیر احمد ایڈووکیٹ حاجی صالح محمد حافظ سردار محمد نورزئی مفتی نیک محمد فاروقی مولانا جمال الدین حقانی مولانا محمد طاہر توحیدی حافظ رحمان گل اور دیگر نے کیا ہے انہوں نے کہا کہ کوئٹہ شہر مسائل کا آماہ جگاہ بن چکا ہے عوام سیوا کے منتشر پانی کا بحران، صفائی نہ ہونے کے برابر، ٹریفک کا نظام درہم برہم، سڑکیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار، سٹریٹ لائٹس غیر فعال، حکمران و انتظامیہ خاموش تماشائی کا کردار ادا کررہے ہیں عوام کی کوئی پرسان حال نہیں شہر کی دیگر سڑکوں کی گندی صورت حال، کوئٹہ شہر صوبائی دارالحکومت ہونے کے باوجود مسائل کا گڑھ بن چکا ہے سہولیات کی عدم فراہمی سے عوام ذہنی کوفت میں مبتلا ہورہے ہیں۔

شال بقیہ 26

ہوں گے نہ ہی عالمی سطح پر پاکستان کا وقار بحال ہوگا قوم کے پاس اب جماعت اسلامی کے علاوہ کوئی آپشن باقی نہیں رہا، ذمہ داران اور کارکنان بلدیاتی انتخابات کے ساتھ ساتھ عام انتخابات کی تیاری کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے امیر جماعت اسلامی پنجاب ڈاکٹر طارق سلیم کی زیر صدارت صوبائی مجلس شوریٰ کے اختتامی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صوبائی سیکرٹری جنرل اقبال خان، نائب امرائے صوبہ ڈاکٹر مبشر احمد صدیقی، قاضی محمد جمیل، محمد شفیع مغیرہ، ڈپٹی سیکرٹری جنرل ڈاکٹر حمید اللہ ملک، محمد عثمان آکاش، صوبائی سیکرٹری اطلاعات انعام الحق اعوان، صدر بے آئی یو تھ پنجاب اویس اسلم مرزا سمیت دیگر ذمہ داران و ارکان شوریٰ نے اظہار خیال کیا۔ سینیٹر سراج الحق نے کہا کہ عالمی طاقتوں کا ٹارگٹ سیاسی اسلام ہے میڈیا اور آئی ٹی کی جنگ میں امت مسلمہ کے نوجوانوں کو اپنا مثبت کردار ادا کرنا ہوگا، پیپلز پارٹی، ن لیگ اور تحریک انصاف قوم کے سامنے نورا کشتی کرتے ہیں جبکہ اندرون خانہ یہ ایک ہیں۔

شال بقیہ 27

علاقے ہزارہ ٹاؤن میں کام کے دوران کرنٹ لگنے سے عزیز احمد نامی شخص جاں بحق ہوگیا پولیس نے لاش کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کردیا جہاں ضروری کاروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کردی گئی مزید کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 28

شدید زخمی، مسافر ویگن خضدار سے حب جارہی تھی پولیس نے نامعلوم افراد کے خلاف مقدمہ درج کرکے انکی تلاش شروع کردی، تفصیلات کے مطابق پیر کے روز خضدار سے حب جانے والی مسافر ویگن پر لسبیلہ کی تحصیل بیلہ میں کاروان پیٹرول پمپ کے مقام پر نامعلوم افراد نے فائرنگ کردی جسکے نتیجے میں ایک مسافر علی گل ولد رب نواز موقع پر جاں بحق ہوگیا جبکہ دیگر تین مسافر نذیر احمد ولد خیر محمد، علی اکبر ولد خیر محمد اور الطاف حسین ولد رب نواز شدید زخمی ہوگئے جنہیں فوری پرسول ہسپتال بیلہ پہنچایا گیا جہاں پر ضروری کاروائی کے بعد جاں بحق ہونے والے شخص کی نعش ورثاء کے حوالے کردی گئی جبکہ زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد کے بعد کراچی منتقل کردیا گیا فائرنگ کی وجہ ذاتی دشمنی بتائی جاتی ہے بیلہ پولیس نے واقعے کا مقدمہ درج کرکے نامعلوم ملزمان کی تلاش شروع کردی۔

شال بقیہ 29

بلوچ کی ہدایت پر بلوچستان کے مختلف ڈسٹرکٹس کی ریپڈ رسپانس ٹیم کی ٹریننگ قومی ادارہ برائے صحت اسلام آباد کے تعاون سے پبلک ہیلتھ انسٹیٹیوٹ کوئٹہ میں منعقد ہوئی۔ ریپڈ رسپانس ٹیم کی اس ٹریننگ کو پایہ تکمیل تک پہنچانے میں ڈاکٹر فرم X نول کورونا وائرس سیل پروانشل ہیلتھ ڈائریکٹ ریپڈ رسپانس ٹیم کے سربراہ ڈاکٹر عبدل سمیع ترین اور FELTP کے ڈاکٹر احسان احمد لارک اور عباس صاحب کا کردار نمایاں رہا۔ اس ٹریننگ میں ڈسٹرکٹس ریپڈ رسپانس ٹیموں کو کورونا وائرس کے مریضوں کی جانچ پڑتال، سمپل لینے اور ان سمپلز کو محفوظ طریقے سے لیبارٹری تک پہنچانے کی ٹریننگ اور آگاہی دی گئی۔ اس ٹریننگ میں کورونا وائرس سے نبرد آزما فرنٹ لائن ورکرز کو کورونا وائرس سے بچاؤ اور احتیاطی تدابیر سے بھی آگاہ کیا گیا۔ ریپڈ رسپانس ٹیم کے سربراہ ڈاکٹر عبدل سمیع ترین نے شرکا سے کہا کہ احتیاطی تدابیر اختیار کرنے سے اس سے بچا جاسکتا ہے اور ضروری ہے کہ لوگ احتیاطی تدابیر اختیار کرکے صفائی کا خاص خیال رکھیں۔ اور ساتھ ہی ورکرز کو ہدایت کی کہ وہ لوگوں میں خاص طور پر ماسک کے استعمال اور ہاتھ اور منہ کو صابن سے دھونے اور آپس میں سماجی فاصلہ رکھنے کے بارے میں آگاہی دے۔

شال بقیہ 30

ہوگئے ہیں۔ اطلاعات کے مطابق گزشتہ روز ڈوب کوئٹہ قومی شاہراہ پر کاکڑ ٹان کے قریب تیز رفتار بس کی ٹکر سے حافظ عزیز اللہ نامی جوان جاں بحق ہوا جبکہ عیدگاہ محلہ میں واقع گھر میں پانی کے بھرے بالٹی میں ڈوب کر بچہ جاں بحق ہوگیا ہے۔ لاشوں کو ضابطے کی کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردیا گیا ہے مزید کارروائی متعلقہ انتظامیہ کررہی ہے۔

شال بقیہ 31

تیز کرنے کے احکامات دیتے ہوئے ریمارکس دیئے ہیں کہ سرکلر ریلوے اسی سال چلنی چاہیے۔ کراچی سرکلر ریلوے کی بحالی سے متعلق کیس کی سپریم کورٹ کراچی رجسٹری میں چیف جسٹس پاکستان جسٹس گلزار احمد کی سربراہی میں سماعت ہوئی جس میں عدالت نے سرکلر ریلوے کی بحالی سے متعلق سیکرٹری ٹرانسپورٹ کا موقف مسترد کردیا۔ چیف جسٹس نے سیکرٹری ریلوے کی سرزنش کی اور ریمارکس دیئے کہ ہم نے آپ کو سرکلر ریلوے کی بحالی کے لیے جو وقت دیا تھا وہ ختم ہورہا ہے، ہم آپ کے خلاف توہین عدالت کی کارروائی کریں گے۔ سیکرٹری ٹرانسپورٹ نے عدالت کو بتایا کہ سرکلر ٹریک پر 24 مقامات پر چھانک تھے، ریلوے ٹریک کی بحالی کے بعد تمام راستے بند ہوسکتے تھے، 24 میں سے 10 مقامات پر انڈر اور اوور پاسز بنائیں جائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ 10 پاسز ایسے ہیں جہاں 2000 سے زائد گاڑیوں کی آمدورفت ہے دیگر 14 پاسز پر کوئی ٹریفک نہیں ہوتی۔

شال بقیہ 32

چمن میں مال روڈ پر دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میں بدامنی پیدا کرنے والے پاکستان اور عوام دشمن عناصر ہیں۔ اپنے مذمتی بیان میں شہباز شریف نے کہا کہ سماج اور عوام دشمن کارروائیوں میں اضافے کا مقصد بلوچستان میں حالات خراب کرنا ہے، واقعے میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر بے حد افسوس اور متاثرہ خاندانوں سے ہمدردی ہے۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ قائد حزب اختلاف نے زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لئے بھی دعا کی۔

شال بقیہ 33

توازن کو پالیسی اقدامات کے ذریعے دور کیا جائے گا، کپاس کا شعبہ کو میکانائزڈ زراعت کی طرف جانا چاہئے، ڈرون ٹیکنالوجی اور سولر ٹیوب ویل کا شت کاری استعمال کریں، ہمیں کیڑے مار دواؤں پر بھی کام کرنے کی ضرورت ہے۔ پیر کو وزیر قومی غذائی تحفظ و تحقیق، سید فخر امام نے کپاس کی صنعت کو درپیش مسائل کے موضوع پر دیوان کی صدارت کی اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے فخر امام نے کہا کہ کپاس کی فصلوں کی کاشت میں عدم توازن کو پالیسی اقدامات کے ذریعے دور کیا جائے گا۔ سید فخر امام نے کہا کہ کپاس ملک کے معاشی پیشرفت میں مدد فراہم کرسکتا ہے۔

شال بقیہ 34

مرمت کا کام 27 گھنٹے گزرنے کے بعد بھی شروع نہیں ہوسکا جس کے باعث مستونگ، پشین اور زیارت کو سوئی گیس کی فراہمی تاحال منقطع ہوگیا۔ ترجمان سوئی سدرن گیس کمپنی کوئٹہ کے مطابق ضلع بولان کے علاقے پی بی جانی میں متاثرہ دونوں گیس پائپ لائنوں کی مرمت کا کام ابھی تک شروع نہیں ہوسکا اور صوبے کے اضلاع مستونگ، پشین اور زیارت کو سوئی گیس کی فراہمی منقطع ہوگیا۔ دوسری جانب کوئٹہ میں گیس کا پریشر انتہائی کم ہے جس کے باعث گھریلو اور کمرشل صارفین کو شدید مشکلات اور پریشانی کا سامنا کرنا پڑا۔ ترجمان کے مطابق بولان میں سیلابی ریلے اور زمینی رابطہ منقطع ہونے کے باعث مرمت کا کام شروع کرنے میں تاخیر ہورہی ہے، علاقے میں صورتحال بہتر ہونے پر پائپ لائنز کی مرمت کا کام شروع کیا جائیگا۔

شال بقیہ 35

بازار، چار باغ، لیلیکراف آئس، گوادر میوزیم اور سید ہاشمی ڈیجیٹل لائبریری کا بھی دورہ کیا۔ اس موقع پر سیکرٹری نے کہا کہ گوادر کے ثقافتی مقامات کو محفوظ کیا جائیگا اور گوادر فورٹ میوزیم کو عوام کے لئے کھولا جائیگا۔ لائبریری کے لئے کتب اور دس عدد کمپیوٹرز دینے کا اعلان کیا ہے۔

شال بقیہ 36

خون بہایا جارہا ہے نہ صرف ہماری قتل عام کی منصوبوں پر عمل جاری ہے بلکہ اب تو ہماری معاشی قتل عام کیلئے راہیں ہموار کئے جارہے ہیں انہوں نے پارٹی کارکنوں کو ہدایت کی کہ وہ زخمیوں کی ہر ممکن معاونت خون کی فراہمی کو بروقت یقینی بنائیں عوامی نیشنل پارٹی دکھ درد کی اس گھڑی میں عوامی نیشنل پارٹی برابر کی شریک ہیں اور شہدا کی درجات بلندی کیلئے دعا اور پسماندگان سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں۔

شال بقیہ 37

ہوئے انہوں نے کہا کہ تعلیمی اداروں کو جدید سہولیات سے آراستہ کرنے کی ضرورت ہے۔ دور جدید کو مدنظر رکھتے ہوئے تعلیمی اداروں کی اپ گریڈیشن لازم ہے۔ قابل اور باصلاحیت اساتذہ ہمارے لیے باعث فخر و قابل احترام ہے۔ اپنے تعلیمی اداروں کو مثالی بنانا ہمارا ویژن ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کے جدید دور میں جو بھی ترقی ہورہی ہے وہ قوم علم کی بنیاد پر کی جارہی ہے۔ ترقی یافتہ اور روشن خیال اقوام کی پہچان انکی تعلیم اور علم دوستی کی وجہ سے ہوتی ہے انہوں نے کہا کہ جہاں تعلیمی سرگرمیاں زیادہ اور فعال ہو معاشرہ ترقی یافتہ ہوتا ہے۔ مستقبل کو روشن بنانے کیل

ادارہ ثقافت تاریخی مقامات اور ثقافت کے تحفظ کیلئے مزید اقدامات کریگا، ظفر بلیدی

گوادر تاریخی اور ثقافتی ورثے کے لحاظ سے بے حد مالا مال ہے جس کو محفوظ بنانے کے لئے یہ بہترین وقت ہے

آرٹی ڈی کونسل گوادر کے وزٹ کے دوران کونسل کے ذمہ داران سے اظہار خیال کررہے تھے، سیکرٹری کلچر، ٹورازم اور آثار قدیمہ بلوچستان

گوادر سیکرٹری کلچرل اینڈ ٹورزم ظفر علی بلیدی سید ظہور شاہ ہاشمی پبلک لائبریری کا معائنہ کررہے ہیں

گوادر (ش ن) سیکرٹری کلچر، ٹورازم اور آثار قدیمہ بلوچستان ظفر بلیدی نے گوادر کے لوگوں میں اپنی ثقافت اور ہیریٹیج کے حوالے سے موجود گہری دلچسپی اور توجہ کی تعریف کرتے ہوئے کہا ہے کہ ادارہ ثقافت تاریخی مقامات اور ثقافت کے تحفظ کے لئے مزید اقدامات کریگا۔ آرٹی ڈی کونسل گوادر کے وزٹ کے دوران کونسل کے ذمہ داران سے اظہار خیال کررہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ گوادر تاریخی اور ثقافتی ورثے کے لحاظ سے بے حد مالا مال ہے جس کو محفوظ بنانے کے لئے یہ بہترین وقت ہے۔ انہوں نے آرٹی ڈی کونسل گوادر کی لائبریری، آڈیٹوریم، فٹنس کلب اور اسکول کا وزٹ کیا اور کتاب میلہ سمیت کونسل کے کام کو سراہا اور لائبریری کے لئے کتب فراہم کرنے کا اعلان کیا۔ قبل ازیں انہوں نے گوادر شاہی (پیجنیشن 35 صفحہ 3 پر)

رند قومی اتحاد نصیر آباد کی جانب سے یوم آزادی کی تیاریاں عروج پر جاری

نصیر آباد (این این آئی) رند قومی اتحاد نصیر آباد کی جانب سے یوم آزادی کی تیاریاں عروج پر جاری ہے شہر کے چوکوں، مین بازار میں یوم آزادی کے مناسبت سے سبز ہلالی پرچم، اشتہارات اور بینا فلیکس لگائے جارہے ہیں اس (پیجنیشن 46 صفحہ 3 پر)

درخت لگانا سنت نبوی اور صدقہ جاریہ ہے، ڈاکٹر حسن وقار چیمہ

لسبیلہ میں زیادہ سے درخت لگا کر ماحولیاتی آلودگی کو کم کیا جاسکتا ہے، ڈپٹی کمشنر لسبیلہ

اوتھل (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر لسبیلہ ڈاکٹر حسن وقار چیمہ نے کہا ہے کہ درخت لگانا سنت نبوی اور صدقہ جاریہ ہے لسبیلہ میں زیادہ سے درخت لگا کر ماحولیاتی آلودگی کو کم کیا جاسکتا ہے درخت نہ صرف ماحولیاتی آلودگی کم کرنے میں مدد دیتے ہیں بلکہ زیادہ بارشوں کا بھی سبب بنتے ہیں درخت لگا کر انکی حفاظت کرنا ہم سب کی ذمہ داری ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے محکمہ جنگلات اور وائلڈ لائف کی جانب سے تاجگر فورس درخت لگاؤ دن کے موقع پر لسبیلہ کے ضلعی ہیڈکوارٹر اوتھل میں مین قومی شاہراہ (پیجنیشن 40 صفحہ 3 پر)

حالیہ بارشوں کے باعث مختلف علاقوں کے رابطہ سڑکوں کی بحالی کا کام تیزی سے جاری ہے، عزت نذیر احمد بلوچ

ڈسٹرکٹ میں جہاں جہاں بارش کی تباہ کاریاں ہیں جانچنے کے لیے کمیٹی بنائی گئی ہیں، ڈپٹی کمشنر

قلات (این این آئی) ڈپٹی کمشنر عزت نذیر احمد بلوچ نے کہا ہے کہ حالیہ بارشوں کے باعث مختلف علاقوں کے رابطہ سڑکوں کی بحالی کا کام تیزی سے جاری ہے گزگ میں سیلابی ریلے کے باعث پھنسے چھ افراد کو ریسکیو کرلیا گیا گزشتہ روز جوہان سڑک کو آمد و رفت کے لیے بحال کیا تھا مگر دوبارہ بارش کے باعث سیلابی ریلے نے سڑک کو بہا کر لے گئی ہے جس کے بحالی کے لیے بھاری مشینری سے کام (پیجنیشن 41 صفحہ 3 پر)

مفت انصاف کی فراہمی، وفاقی محتسب کی کیس حکام کے خلاف بروقت کارروائی

ڈیلی ویجز پر مامور لوگ انتہائی بے دردی سے میٹر اتار کر پھینکتے ہیں نہ ہی میٹریل کیا جاتا ہے

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی محتسب کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ کے رہائشی شمس اللہ نے 27 دسمبر 2019ء کو وفاقی محتسب کو درخواست دی کہ وہ ایک غریب شخص ہے، معمولی تنخواہ پر اس کا گزر بسر ہے۔ وہ SSGC کا کنسٹمر ہے اور اپنا بل باقاعدگی سے ادا کرتا ہے لیکن بل ادائیگی کے باوجود گیس حکام نے بغیر کسی نوٹس اور پیشگی اطلاع کے اکاؤنٹ میٹر اتار لیا اور پھر جرمانہ کیا ساتھ اسکو گیس کا بل بھیج دیا۔ اس نے شکایت کی کہ گیس حکام نے تو میٹر اتارنے کی اطلاع (پیجنیشن 44 صفحہ 3 پر)

گندا ابو کے مین پل کا راستہ بحال کردیا گیا ہے باقی روڈوں کو بھی بحال کررہے ہیں، ایکسین جھل مگسی

جھل مگسی (این این آئی) ایکسین جھل مگسی حامد علی بگٹی نے کہا ہے کہ گندا ابو کے مین پل کا راستہ بحال کردیا گیا ہے باقی روڈ کو بھی بحال کررہے ہیں، گزشتہ طوفانی بارشوں اور سیلابی ریلے کی وجہ کئی جگہوں روڈوں پر بڑے شگاف پڑ گئے تھے جن کو بروقت بی این آر جھل مگسی کا (پیجنیشن 45 صفحہ 3 پر)

جنگلات، ایندھن و تعمیراتی لکڑی اور بے شمار صنعتوں کے لئے خام مال فراہم کرتے ہیں، ذکاء اللہ درانی

ہر فرد کو چاہیے کہ وہ اپنے اردگرد درخت لگا کر شجرکاری مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں

چمن (ش ن) اسسٹنٹ کمشنر چمن ذکاء اللہ درانی، ڈی ایف او قلعہ عبداللہ محمد رسالدر جہانگیر جنبلر نعمت اللہ ٹائیگر فورس کے ہمراہ گذشتہ روز ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال چمن ڈکا، اللہ کے لیویز تھانے میں پلانٹیشن ڈے کے حوالے سے مون سون شجرکاری مہم کا درخت (پیجنیشن 48 صفحہ 3 پر)

صوبائی حکومت اور پی ڈیم ایم اے متاثرین کی فوری امداد کو یقینی بنائے، نورالدین کاکڑ

بندراستوں کو کھولنے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھائے جائیں، صدر کوئٹہ سٹی پاکستان پیپلز پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کوئٹہ سٹی کے صدر نورالدین کاکڑ، جنرل سیکرٹری لالا سلطان قریش اور سیکرٹری اطلاعات روزی محمد خلجی نے بلوچستان میں حالیہ بارشوں سے ہونے والے جانی و مالی نقصانات پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ صوبائی حکومت اور پی ڈیم ایم (پیجنیشن 51 صفحہ 3 پر)

لورالائی ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) فیاض علی نے اچانک ڈی ایچ او آفس کا دورہ اور حاضری چیک کررہے ہیں

دہشتگردوں کا کوئی مذہب نہیں ہوتا، ملک مصلح الدین مینگل

دشمن عناصر اس طرح کے واقعات سے ہمارے حوصلے پست نہیں کرسکتے ہم ایک بہادر قوم ہے

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما ملک مصلح الدین مینگل نے چمن میں ہونے والے بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا دہشتگردوں کا کوئی مذہب نہیں ہوتا اور دشمن عناصر اس طرح کے واقعات سے ہمارے حوصلے پست نہیں کرسکتے ہم ایک بہادر قوم ہے ان دہشت گردوں کا اپنے افواج پاکستان اور دیگر سکیورٹی فورسز کے ساتھ شانہ بہ شانہ مل کر ان دشمن عناصر کا مقابلہ کرینگے اور ان کو ان کے انجام تک پہنچائیں گے انہوں نے بم دھماکہ میں شہید ہونے والے افراد کے (پیجنیشن 56 صفحہ 3 پر)

حکومت قلعہ اور چمن لغڑی تاجر لوگوں سے جھوٹے وعدے کرکے دھوکہ دیتے ہیں، مولانا فتح محمد چمنی

چمن بارڈر سے ایران بارڈر تک محنت کش تمام لغڑیوں اور تاجروں کے اتحاد بلوچ پشتون کا ایک قومی اجتماعی تحریک ہے

کوئٹہ (پ ر) پاکستان مسلم لیگ ن سٹی چمن کے سینئر نائب صدر اور انجمن تاجران و دکانداران ضلع قلعہ عبداللہ کے سرپرست اعلیٰ مولانا فتح محمد چمنی نے کہا ہے کہ چمن باب دوستی بارڈر سے لے کر ایران بارڈر تک محنت کش تمام لغڑیوں اور تاجروں کے اتحاد بلوچ پشتون کا ایک قومی اجتماعی تحریک ہے جس کے وہ قومی مشران سردار عطاءاللہ مینگل اور حاجی اصغر خان اچکزئی سربراہ ہیں۔ اس قومی (پیجنیشن 59 صفحہ 3 پر)

عمران نیازی کی حکومت میں عوام کو ہر روز ایک نئے بحران کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، تیمور تالپور

چمن میں دہشت گردوں کے حملے میں متعدد بے گناہ افراد مارے گئے، اور کئی زخمی ہوئے

کراچی (این این آئی) صوبائی وزیر برائے انفارمیشن سائنس و ٹیکنالوجی تیمور تالپور نے چمن بم دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے سانحے میں شہید ہونے والے شہریوں کے اہل خانہ سے تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں صوبائی وزیر تیمور تالپور نے کہا ہے کہ عمران نیازی کی حکومت میں عوام کو ہر روز ایک نئے بحران کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، اب دہشت گردی (پیجنیشن 63 صفحہ 3 پر)

صحافتی میدان میں کیمرہ مین اور فوٹو جرنلسٹس کا کردار قابل ستائش ہے، ایس ایس پی سکھر

برائیوں کی مکاسی کرنے پر ملک بھر سمیت خصوصی سکھر کے کیمرہ مینوں اور فوٹو گرافروں کو سلام پیش کرتے ہیں

سکھر (این این آئی) ایس ایس پی سکھر عرفان علی سموں نے کہا ہے کہ صحافتی میدان میں کیمرہ مین اور فوٹو جرنلسٹس کا کردار قابل ستائش ہے محدود وسائل کے باوجود معاشرے میں چھپی ہوئی برائیوں کی مکاسی کرنے پر ملک بھر سمیت خصوصی سکھر کے کیمرہ مینوں اور فوٹو گرافروں کو سلام پیش کرتے ہیں ان کی صحافتی ذمہ داریوں کے دوران درپیش مسائل کے حل کیلئے بھرپور کوشش کریں گے۔

پوری قوم دہشت گردی کے خلاف یک آواز ہے، سینیٹر مولا بخش چانڈیو

دہشت گردی کے واقعہ میں انسانی جانوں کے نقصان پر دلی صدمہ اور افسوس ہوا ہے، رہنما پیپلز پارٹی

حیدرآباد (این این آئی) پیپلز پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات سینیٹر مولا بخش چانڈیو نے چمن بم دھماکے کی سخت مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے واقعہ میں انسانی جانوں کے نقصان پر دلی صدمہ اور افسوس ہوا ہے، دہشت گردی جس بھی نام سے ہو قابل مذمت ہے، حملے میں شہید ہونے والے افراد کے اہل خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں، ایک بیان میں سینیٹر مولا بخش (پیجنیشن 65 صفحہ 3 پر)

جمرود، سیاسی اتحاد کا یوم آزادی کے روز بھی دھرنا جاری رکھنے کا اعلان

یوم آزادی کے روز استحکام پاکستان و بحالی متاثرین کے نام سے کنونشن منعقد کریں گے، زرغون شاہ آفریدی

جمرود (این این آئی) جمرود پریس کلب میں جمرود سیاسی اتحاد و مشران نے مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے تیراہ راہگل کوکی خیل متاثرین کی بحالی و باعزت واپسی کے لیے جاری دھرنا یوم آزادی کے روز بھی جاری رکھنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ چودہ اگست کو باب خیبر کے مقام پر استحکام پاکستان و بحالی متاثرین کے نام سے کنونشن منعقد کرنے کا فیصلہ کیا ہے جس میں ہر پارٹی (پیجنیشن 66 صفحہ 3 پر)

صوبائی مشیر کھیل وثقافت عبدالخالق ہزارہ سے گورنمنٹ جنرل محمد موسیٰ خان پوسٹ گریجویٹ کالج کے وفد کا گروپ فوٹو

پہاڑیوں کی چوٹیوں کو سر کرکے وہاں سبز ہلالی پرچم لہراتے ہیں وہ قوم کے ہیرو ہیں، ولی محمد نورزئی

بلوچستان کے نوجوان میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں، مرکزی چیئرمین السات فاؤنڈیشن

کوئٹہ (پ ر) السات فاؤنڈیشن کے مرکزی چیئرمین اور بلوچستان عوامی پارٹی کوئٹہ سٹی کے آرگنائزر حاجی ولی محمد نورزئی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوان میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں اور جو لوگ بلند و بالا پہاڑیوں کی چوٹیوں کو سر کرکے وہاں سبز ہلالی پرچم لہراتے ہیں وہ قوم کے ہیرو ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے معروف کوہ پیما ہاکس ایڈونچر ایسوسی ایشن پاکستان کے کیپٹن عبدالحنا ان بزنجو کو 14 اگست (پیجنیشن 42 صفحہ 3 پر)

نیشنل پارٹی اپنے دور اقتدار میں جو کام کیں وہ سب کے سامنے عیاں ہے، خیر بخش بلوچ

قائد عوام ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کی قیادت میں پارٹی آج بھی بلوچستان بھر میں پہلے سے زیادہ فعال اور منظم ہے

منگچر (نامہ نگار) نیشنل پارٹی اپنے دور اقتدار میں جو کام کیں وہ سب کے سامنے عیاں ہے قائد عوام ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کی قیادت میں پارٹی آج بھی بلوچستان بھر میں پہلے سے زیادہ فعال اور منظم ہے پارٹی ورکرز پارٹی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے پارٹی کارکنان مایوس نہ ہو پارٹیوں کے اندر نشیب فراز ضرور آتے ہے ان خیالات کا اظہار نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکریٹری خیر بخش بلوچ، ورکنگ کمیٹی کے ممبر عبدالستار بلوچ سی سی کے ممبر ملک نصیر شاہوانی۔ سی سی ممبر نواز بلوچ۔ سی سی ممبر علی احمد لانگو۔ ضلعی آرگنائزنگ عبدالستار رودینی۔ میر محمد اقبال محمد حسنی دیگر نے قلات کے تنظیمی دورے پر پارٹی کے ضلعی آرگنائزنگ باڈی کے اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے کیا اس دوران پارٹی رہنماؤں کامریڈ (پیجنیشن 49 صفحہ 3 پر)

منجھو شوری پولیس کی بروقت کارروائی، قتل کے کیس میں ملوث تین ملزمان گرفتار، اسلحہ برآمد

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) منجھو شوری پولیس کی بروقت کارروائی قتل کے کیس میں ملوث تین ملزمان گرفتار کرکے اسلحہ برآمد کرلیا گیا، ڈی آئی جی نصیر آباد شہاب عظیم لہڑی ایس ایس پی نصیر آباد عبدالحی عامر کی ہدایت پر ڈی ایس (پیجنیشن 43 صفحہ 3 پر)

تحریک لبیک پاکستان کی جانب سے 14 اگست کو پاکستان زندہ باد ریلی نکالی جائے گی

قلات (این این آئی) تحریک قومی امن کمیٹی برائے بین المذاہب ہم آہنگی اور تحریک لبیک پاکستان کی جانب سے 14 اگست کو پاکستان زندہ باد ریلی نکالی جائے گی ریلی کی قیادت چیئرمین قومی امن کمیٹی برائے بین المذاہب بلوچستان سید نہال شاہ سردار زادہ، قاسم محمد شمی تحریک لبیک پاکستان کے صوبائی رہنما مولانا لالی بلوش نورانی سیاسی و (پیجنیشن 50 صفحہ 3 پر)

عرصہ دراز سے پشتونوں کی سرزمین کو خون بہایا جارہا ہے، صغر خان اچکزئی

نہ صرف ہماری قتل عام کی منصوبوں پر عمل جاری ہے بلکہ اب تو ہماری معاشی قتل عام کیلئے راہیں ہموار کئے جارہے ہیں

پشتون خواوطن میں منظم پلان کے تحت انتہاپسندی اور دہشت گردی کو عام کیا جارہا ہے، صوبائی پارلیمانی لیڈر

اسسٹنٹ کمشنر چمن ذکاءاللہ درانی مون سون شجرکاری مہم کا افتتاح کررہے ہیں

کوئٹہ/پشاور (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر و صوبائی پارلیمانی لیڈر اصغر خان اچکزئی نے چمن دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ پشتون خواوطن میں منظم پلان کے تحت انتہاپسندی اور دہشت گردی کو عام کیا جارہا ہے کشت و خون کے ساتھ ساتھ اب ان کی معاشی قتل عام کے منصوبوں پر عمل شروع کردیا گیا ہے عوامی نیشنل پارٹی دکھ درد کی اس گھڑی میں شہداء خاندانوں کے ساتھ برابر کی شریک ہیں عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر و صوبائی پارلیمانی لیڈر اصغر خان اچکزئی نے چمن مال روڈ پر دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ عرصہ دراز سے پشتونوں کی سرزمین پر (پیجنیشن 36 صفحہ 3 پر)

گزشتہ دو دنوں سے ساحل میں بھی بارش جم کر برسے سیلابی ریلے نے پکی سڑک کو بے حد نقصان کیا ہوا ہے

خضدار (نامہ نگار) گزشتہ دو دنوں سے ساحل میں بھی بارش جم کر برسے سیلابی ریلے نے پکی سڑک کو بے حد نقصان کیا ہوا ہے۔ زمینداروں کے فصلات بارش کی پانی میں ڈوب گئے۔ خصوصاً ساحل پیاز جو کہ عالمی منڈی میں اپنا نام رکھتا ہے کو شدید نقصان ہوا ہے۔ اگر دو دنوں تک ساحل (پیجنیشن 54 صفحہ 3 پر)

وہیر حالیہ بارشوں نے وہیر میں تباہی مچادی ہے وہیر کو آفت زدہ علاقہ قرار دیا جائے

خضدار (نامہ نگار) وہیر حالیہ بارشوں نے وہیر میں تباہی مچادی ہے وہیر کو آفت زدہ علاقہ قرار دیا جائے حالیہ بارشوں نے وہیر میں تباہی مچادی ہے جس سے کئی مکانات منہدم ہوگئے ہیں بلکہ کچھ لوگوں کے گھر سلاباستی سے مٹ (پیجنیشن 55 صفحہ 3 پر)

نیب حکومت گڈ جوڑے ملک میں سیاسی انتقام لینے کا سلسلہ شروع ہوگیا ہے، رحمت اللہ کدیزئی

ہماری پارٹی سپریم کورٹ آف پاکستان سے اپیل کرتی ہے کہ وہ از خود نوٹس لیکر مزکورہ رپورٹ کا جائزہ لیا جائے

لورالائی (این این آئی) پی پی پی ڈویژنل صدر رحمت اللہ کدیزئی قلعہ سیف اللہ کے صدر محمد عمر موسیٰ زئی موسیٰ خیل کے صدر ظاہر خان موسیٰ خیل لورالائی کے صدر حبیب الرحمان عبدالرحیم زئی نے عبدالرحیم خان کلب میں مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہیومن رائٹس واچ کے شائع کردہ رپورٹ نے نیب کے حوالے سے ہمارے خدشات کو درست ثابت کردیا ہے کہ نیب اور وفاقی حکومت اپنے سیاسی مخالفین کو انتقام کا نشانہ بنارہے ہیں ہیومن رائٹس واچ نے اپنے رپورٹ (پیجنیشن 61 صفحہ 3 پر)

صوبہ بھر میں محرم الحرام کے جلوسوں کی ہیلی کاپٹرز کی بجائے ڈرون کیمرے سے فضائی نگرانی کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور سمیت صوبہ بھر میں محرم الحرام کے جلوسوں کی ہیلی کاپٹرز کی بجائے ڈرون کیمرے سے فضائی نگرانی کی جائے گی۔ بتایا گیا ہے کہ آپریشنز برانچ نے لاہور سمیت صوبہ بھر کے بڑے جلوسوں کی تفصیلات طلب کرلی ہیں۔ پولیس کے مطابق ڈرون کیمروں سے جلوسوں کی مانیٹرنگ بہتر طریقے سے کی جاسکتی ہے۔ شہریوں کے تکریم و احترام کے ساتھ ڈرون کیمروں کو منسلک کیا جائے گا۔

گرین، کلین پاکستان کیلئے ملکر شجرکاری مہم میں حصہ لیں، صائمہ ندیم

وزیراعظم عمران خان نے شجرکاری مہم کا آغاز کرکے عوام کے لئے بہترین کام کیا ہے

شجرکاری مہم سے پورے ملک میں ہریالی آجائے گی، درخت لگانا صدقہ جاریہ ہے

کراچی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی رکن قومی اسمبلی و وفاقی پارلیمانی سیکرٹری منسٹری برائے انٹرصوبائی رابطہ صائمہ ندیم نے کہا کہ وزیراعظم عمران خان نے شجرکاری مہم کا آغاز کرکے عوام کے لئے بہترین کام کیا ہے۔ اس موقع پر رکن اسمبلی صائمہ ندیم نے شجرکاری مہم میں حصہ لیتے ہوئے درخت لگائے۔ اس موقع پر ان کا کہنا تھا کہ گرین اور کلین پاکستان کے لئے سب مل کر شجرکاری مہم میں حصہ لیں، حکومت کی جانب سے ملک بھر میں روزانہ 35 لاکھ پودے لگائے جائیں گے۔

چمن دھماکہ، اے این پی کے مرکزی صدر اسفندیار ولی خان کی مذمت

بلوچستان میں بدامنی کی نئی لہر تشویشناک ہے، عملی اقدامات نہ اٹھائے گئے تو حالات مزید خراب ہوں گے، اسفندیار ولی خان

پشاور (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر اسفندیار ولی خان نے چمن میں دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میں بدامنی کی نئی لہر تشویشناک ہے، عملی اقدامات نہ اٹھائے گئے تو حالات مزید خراب ہوں گے۔ باچا خان مرکز پشاور سے جاری بیان میں اے این پی سربراہ اسفندیار ولی خان نے کہا کہ بے گناہ عوام اور بچوں کو ناحق شہید کرنا انسانیت سوز عمل ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔

چمن میں ہونے والے بم دھماکہ کی شدید الفاظوں میں مذمت کرتے ہیں، حاجی خان محمد بزنجو

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما معروف قبائلی شخصیت حاجی خان محمد بزنجو نے چمن میں ہونے والے بم دھماکہ کی شدید الفاظوں میں مذمت کی ہے اور اس واقعے میں شہید ہونے والے افراد کے لیے خصوصی دعا کی کہ اللہ (پیجنیشن 60 صفحہ 3 پر)

جوہان نرک کو آفت زدہ قرار دیا جائے، سردارزادہ میر زاہد جان لہڑی

نرک حالیہ بارشوں سے بڑے پیمانے پر تباہی کی گھر بورنگ سیلابی ریلے میں بہہ گئے

منگچر (نامہ نگار) جوہان نرک کو آفت زدہ قرار دیا جائے ای سی قلات انتظامیہ کے بروقت تعاون کا خیر مقدم کرتے ہیں جوہان نرک کے دیہی علاقوں میں سیلاب نے ہر طرف تباہی مچادی نرک حالیہ بارشوں سے بڑے پیمانے پر تباہی کی گھر بورنگ سیلابی ریلے میں بہہ گئے زمینی رابطہ منقطع جوہان نرک اور گزگ کو آفت زدہ قرار دیا جائے حکومت قلات کے دیہی علاقوں تحت ریگوش، درنگ، ٹیل لوپ سمیت نرک کے دیہاتوں میں بڑے پیمانے پر بارشوں سے تباہی کی گھر بورنگ فصلیں اور باغات (پیجنیشن 53 صفحہ 3 پر)

گزشتہ دو دنوں سے سیلابی ریلے نے پکی سڑک کو بے حد نقصان کیا ہوا ہے

خضدار (نامہ نگار) گزشتہ دو دنوں سے ساحل میں بھی بارش جم کر برسے سیلابی ریلے نے پکی سڑک کو بے حد نقصان کیا ہوا ہے۔ زمینداروں کے فصلات بارش کی پانی میں ڈوب گئے۔ خصوصاً ساحل پیاز جو کہ عالمی منڈی میں اپنا نام رکھتا ہے کو شدید نقصان ہوا ہے۔ اگر دو دنوں تک ساحل (پیجنیشن 54 صفحہ 3 پر)

وہیر حالیہ بارشوں نے وہیر میں تباہی مچادی ہے وہیر کو آفت زدہ علاقہ قرار دیا جائے

خضدار (نامہ نگار) وہیر حالیہ بارشوں نے وہیر میں تباہی مچادی ہے وہیر کو آفت زدہ علاقہ قرار دیا جائے حالیہ بارشوں نے وہیر میں تباہی مچادی ہے جس سے کئی مکانات منہدم ہوگئے ہیں بلکہ کچھ لوگوں کے گھر سلاباستی سے مٹ (پیجنیشن 55 صفحہ 3 پر)

نیب حکومت گڈ جوڑے ملک میں سیاسی انتقام لینے کا سلسلہ شروع ہوگیا ہے، رحمت اللہ کدیزئی

ہماری پارٹی سپریم کورٹ آف پاکستان سے اپیل کرتی ہے کہ وہ از خود نوٹس لیکر مزکورہ رپورٹ کا جائزہ لیا جائے

لورالائی (این این آئی) پی پی پی ڈویژنل صدر رحمت اللہ کدیزئی قلعہ سیف اللہ کے صدر محمد عمر موسیٰ زئی موسیٰ خیل کے صدر ظاہر خان موسیٰ خیل لورالائی کے صدر حبیب الرحمان عبدالرحیم زئی نے عبدالرحیم خان کلب میں مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہیومن رائٹس واچ کے شائع کردہ رپورٹ نے نیب کے حوالے سے ہمارے خدشات کو درست ثابت کردیا ہے کہ نیب اور وفاقی حکومت اپنے سیاسی مخالفین کو انتقام کا نشانہ بنارہے ہیں ہیومن رائٹس واچ نے اپنے رپورٹ (پیجنیشن 61 صفحہ 3 پر)

صوبہ بھر میں محرم الحرام کے جلوسوں کی ہیلی کاپٹرز کی بجائے ڈرون کیمرے سے فضائی نگرانی کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور سمیت صوبہ بھر میں محرم الحرام کے جلوسوں کی ہیلی کاپٹرز کی بجائے ڈرون کیمرے سے فضائی نگرانی کی جائے گی۔ بتایا گیا ہے کہ آپریشنز برانچ نے لاہور سمیت صوبہ بھر کے بڑے جلوسوں کی تفصیلات طلب کرلی ہیں۔ پولیس کے مطابق ڈرون کیمروں سے جلوسوں کی مانیٹرنگ بہتر طریقے سے کی جاسکتی ہے۔ شہریوں کے تکریم و احترام کے ساتھ ڈرون کیمروں کو منسلک کیا جائے گا۔

گرین، کلین پاکستان کیلئے ملکر شجرکاری مہم میں حصہ لیں، صائمہ ندیم

وزیراعظم عمران خان نے شجرکاری مہم کا آغاز کرکے عوام کے لئے بہترین کام کیا ہے

شجرکاری مہم سے پورے ملک میں ہریالی آجائے گی، درخت لگانا صدقہ جاریہ ہے

کراچی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی رکن قومی اسمبلی و وفاقی پارلیمانی سیکرٹری منسٹری برائے انٹرصوبائی رابطہ صائمہ ندیم نے کہا کہ وزیراعظم عمران خان نے شجرکاری مہم کا آغاز کرکے عوام کے لئے بہترین کام کیا ہے۔ اس موقع پر رکن اسمبلی صائمہ ندیم نے شجرکاری مہم میں حصہ لیتے ہوئے درخت لگائے۔ اس موقع پر ان کا کہنا تھا کہ گرین اور کلین پاکستان کے لئے سب مل کر شجرکاری مہم میں حصہ لیں، حکومت کی جانب سے ملک بھر میں روزانہ 35 لاکھ پودے لگائے جائیں گے۔

سیلابی صورتحال کے بعد جنم لینے والی بیماریوں کا بروقت تدارک ضروری ہے، ڈاکٹر ربابہ بلیدی

صوبے کے تمام ڈویژن اور ضلعی اسپتالوں میں ہیلتھ ایمرجنسی نافذ کردی گئی ہے

سیلابی پانی اترنے کے بعد متاثرہ علاقوں میں وبائی و متعدد امراض پھیلنے کے خدشات ہیں، پارلیمانی سیکرٹری صحت بلوچستان

کوئٹہ (ش ن) عالمی ادارہ صحت کے وفد نے یہاں پارلیمانی سیکرٹری صحت بلوچستان ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی سیکرٹری صحت دوشین خان جمالدینی اور محکمہ صحت کے حکام سے عالمی ادارہ صحت کے وفد نے ملاقات کی اور بلوچستان میں سیلابی صورتحال میں طبی ریلیف اور ڈبلیو ایچ او کے اشتراک سے صوبے میں صحت کے شعبے میں جاری پروگرامز پر تبادلہ خیال کیا ڈبلیو ایچ او کے وفد کی (پیجنیشن 38 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ چیف میٹروپولیٹن آفیسر عطاءاللہ بلوچ سے حاجی ابراہیم زہری اور دیگر ملاقات کررہے ہیں

حافظ حسین احمد کی والدہ محترمہ کی وفات پر مولانا محمد اسعد زکریا قاسمی کا اظہار تعزیت

کوئٹہ/کراچی (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما و سابق سینیٹر حافظ حسین احمد کی والدہ محترمہ کی وفات پر پاکستان علماء کونسل کے مرکزی سیکرٹری جنرل مولانا محمد اسعد زکریا قاسمی نے اظہار تعزیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ حافظ حسین احمد صاحب کی والدہ ماجدہ کی وفات پر بیحد صدمہ ہوا۔

چلکور پولیس کا شہر کے مختلف علاقوں میں کاروائی منشیات اور اسلحہ برآمد دو ملزمان گرفتار

چلکور (این این آئی) چلکور پولیس کا شہر کے مختلف علاقوں میں کاروائی منشیات اور اسلحہ برآمد دو ملزمان گرفتار ڈی پی او چلکور حنیف بلوچ کی خصوصی ہدایت پر ایس ایچ (پیجنیشن 67 صفحہ 3 پر)

گوادر سیکرٹری کلچرل اینڈ ٹورزم ظفر علی بلیدی سید ظہور شاہ ہاشمی پبلک لائبریری کا معائنہ کررہے ہیں

ہم عوام کے مسائل کے تدارک کے لیے کوئی کسر نہیں چھوڑ رہے، عابد سلیم قریشی

سیلاب زدہ علاقوں میں عوام کی خدمت میں بھی کوئی کسر نہیں چھوڑی جارہی ہے

حکومت کی جانب سے احکامات پر ضلعی انتظامیہ مکمل طور پر عمل درآمد کو یقینی بنارہی ہے

نصیر آباد (ش ن) حالیہ طوفانی بارشوں کے باعث نصیر آباد ڈویژن کے مختلف اضلاع متاثر ہوئے ہیں جبکہ ضلع جھل مگسی کی تحصیل گندا ابو شہری مین پل جھل مگسی تا گندا ابو روڈ اور گندا ابو تا نوتال روڈ کو شدید نقصان پہنچا جس کے باعث جھل مگسی اور گندا ابو کا صوبے کے دیگر حصوں سے زمینی رابطہ منقطع ہوگیا کمشنر نصیر آباد ڈویژن عابد سلیم قریشی کی خصوصی ہدایت کی روشنی میں اپنی کمشنر جھل مگسی ڈاکٹر شرجیل احمد نور کی نگرانی میں عوامی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے سیلابی پانی سے متاثرہ پلوں اور روڈوں کی (پیجنیشن 47 صفحہ 3 پر)

تعلیم کسی ب